آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز پیر 04 اکتوبر 2021ء بمطابق 26 صفر المظفر 1443ھ | شمارہ نمبر 250

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:00
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:45
ظہرین	01:00
مغربین	7:45

ناراض ارکان سے ملاقاتیں ہوئی ہیں جلد مسائل حل ہوجائیں گے

وزیر اعلیٰ بلوچستان

چیئرمین سینیٹ کی قیادت میں وفد نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی سے صوبے میں جاری سیاسی بحران اور صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور انکے تحفظات کو سنا صوبے میں جاری سیاسی بحران اور صورتحال پر تبادلہ خیال

بی اے پی اور ناراض اتحادی ارکان کا اسپیکر چیمبر میں اجلاس، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال 'ناراض ارکان اور اتحادیوں نے اپنے موقف پر قائم رہنے کے عزم کا اظہار کیا

بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر چیمبر میں بلوچستان عوامی پارٹی اور ناراض اتحادی ارکان کا اجلاس ہوا جس میں سیاسی صورتحال اور آئندہ کی حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ ہم اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ گزشتہ روز سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے پیغام میں سیاسی معاملات پر ردعمل دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم اپنے موقف پر قائم ہیں۔ چیئرمین سینیٹ کی قیادت میں وفد نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی سے ملاقات کی جس میں صوبے میں جاری سیاسی بحران اور صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اتوار کو چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی بلوچستان میں جاری سیاسی بحران میں ثالثی کا کردار ادا کرنے کوئٹہ پہنچے۔ کوئٹہ آمد کے بعد چیئرمین سینیٹ، سینیٹرز منظور خان کاکڑ، میر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی سے گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا ملاقات کر رہے ہیں

آئین و قانون کو تسلیم اور ہتھیار پھینکنے والوں سے مذاکرات کریں گے

وفاقی وزیر داخلہ

بلوچستان عوامی پارٹی ہماری جماعت ہے ہم اپنے مسائل اپنے طور پر حل کرلیں گے، میں دوبارہ کہوں گا کہ یہ پاکستان کی سب سے جمہوری جماعت ہے پارٹی میں تحفظات آتے ہیں ہم ان پر بات اور بحث ومباحثہ کرتے ہیں

بی اے پی کے چھ ارکان اسمبلی سے بہت اچھے ماحول میں ملاقاتیں کی ہیں اور انشاء اللہ مسائل دور کرلئے جائیں گے کچھ افراد چاہتے تھے کہ ہمارے درمیان مزید دوریاں بڑھیں اور ہم ایک دوسرے کے خلاف ردعمل دیں

لیکن الحمداللہ ہم نے ذمہ داری اور عزت واحترام کا مظاہرہ کیا ہے، اپنے مسائل اپنے طور پر حل کرلینگے، پارٹی میں تحفظات آتے ہیں ہم ان پر بات اور بحث ومباحثہ کرتے، مسائل اور فاصلوں کو دور کرلیتے ہیں، جام کمال خان

کوئٹہ (این این آئی+آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ اختلافات مل بیٹھ کر حل کئے جاتے ہیں، 6 ناراض ارکان سے ملا ہوں جلد تمام مسائل حل ہوجائیں گے، کچھ افراد مزید اختلافات پیدا کرنا چاہتے تھے اور چاہتے تھے کہ ہم ایک دوسرے پر ردعمل ظاہر کریں۔ گزشتہ روز سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے پیغام میں انہوں نے لکھا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی ہماری جماعت ہے اور انشاء اللہ ہم اپنے معاملات خود حل کریں گے۔ میں پھر کہتا ہوں کہ بی اے پی پاکستان کی سب سے جمہوری جماعت ہے۔ اختلافات آتے ہیں، ہم ان پر بحث کرتے ہیں، ان پر بحث کرتے ہیں اور الحمدللہ ان کو بھی حل کرتے ہیں۔ میں ابھی تک بی اے پی کے 6 ناراض ایم پی اے سے بہت اچھے ماحول میں ملا ہوں اور انشاء اللہ سب حل ہوجائے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسمبلی سے غیر اسلامی قوانین منظور کرنے کیلئے دباؤ ڈالا جارہا ہے، فضل الرحمن

ہم اپنے اسلاف کے نقش قدم پر چلتے ہوئے استعماری قوتوں کے زرخرید ایجنٹوں کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں، جے یو آئی

پشاور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ اسمبلی سے غیر اسلامی قوانین منظور کرنے کے لئے دباؤ ڈالا جارہا ہے اور ہم اپنے اسلاف کے نقش قدم پر چلتے ہوئے استعماری قوتوں کے زرخرید ایجنٹوں کے خلاف اپنی جدوجہد

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ اور پی ڈی ایم اے طوفانی بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف سرگرمیوں کو مزید تیز کرے، جام کمال خان

بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں نقصانات کا جائزہ لیکر رپورٹ پیش کی جائے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے گوادر اور پسنی میں حالیہ طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کی فوری امداد کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور پی ڈی ایم اے طوفانی بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف سرگرمیوں کو مزید

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

کامیاب پاکستان پروگرام کا افتتاح وزیراعظم پاکستان (آج) کریں گے

کامیاب پاکستان پروگرام میں چودہ سو ارب کے قرضے 37 لاکھ گھرانوں کو دیے جائیں گے، شوکت ترین

اسلام آباد (این این آئی) کامیاب پاکستان پروگرام کا افتتاح وزیراعظم پاکستان (آج) پیر کو کریں گے۔ وزیر خزانہ شوکت ترین نے بتایا کہ کامیاب پاکستان اپنی نوعیت کا منفرد پروگرام ہے، کامیاب پاکستان پروگرام میں چودہ سو ارب کے قرضے 37 لاکھ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ڈیرہ غازی خان سے لورالائی کیلئے بک کی گئی گاڑی میں مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ڈرائیور زخمی

لورالائی (این این آئی) ڈیرہ غازی خان سے لورالائی کیلئے بک کی گئی گاڑی میں مسلح ڈاکوؤں کی

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

بیلا کوئٹہ کراچی آر سی ڈی شاہراہ پر حادثہ کوچ کی ٹکر سے 14 سالہ موٹر سائیکل سوار لڑکا جاں بحق

بیلا (آن لائن) کوئٹہ کراچی آر سی ڈی شاہراہ پر حادثہ کوچ کی ٹکر سے 14 سالہ موٹر سائیکل سوار لڑکا

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

پاک فوج کی جانب سے ضلع گوادر میں سمندری طوفان "گلاب" سے متاثرہ علاقوں میں راشن تقسیم کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) پاک فوج کی جانب سے ضلع گوادر میں سمندری طوفان "گلاب" سے متاثرہ علاقوں

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

سی آئی اے کی کارروائی بھاری مقدار میں مضر صحت گٹکا اور ماوا برآمد ایک شخص گرفتار

سبیلہ (این این آئی) سی آئی اے کی کارروائی بھاری مقدار میں مضر صحت گٹکا اور ماوا برآمد ایک شخص

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

پاناما پیپرز نے دنیا کے بڑے کرپٹ لوگوں کے بیرون ملک چھپائے اثاثوں کو بے نقاب کیا، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ پاناما پیپرز نے دنیا کے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

شیخ رشید کا پاک بحریہ ڈاک یارڈ، سب میرین حمزہ کا دورہ، پاک بحریہ کی آپریشنل تیاریوں پر بریفنگ دی گئی

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے پاک بحریہ ڈاک یارڈ، سب میرین حمزہ کے دورہ پر

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

پنڈورا باکس نے عمران خان کا پنڈورا باکس کھول دیا ہے، احسن اقبال کا وزیراعظم سے استعفیٰ کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن اقبال نے پنڈورا اسکینڈل اور توشہ

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

اسلام آباد میں ڈینگی کیسز بڑھنے لگے، مزید 64 افراد متاثر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ڈینگی کیسز بڑھنے لگے، گزشتہ 24

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

گوادر، جیونی، پسنی اور پشکان میں بارش اور طوفانی ہواؤں سے گرے ہوئے کھمبوں کی مرمت و بحالی کا کام جاری ہے

کوئٹہ (این این آئی) مکران میں گزشتہ روز شدید طوفانی بارش اور آندھی کے باعث گوادر شہر میں 11 کے وی کے 20 جبکہ ایل ٹی کے 4 کھمبے گر گئے اسکے علاوہ پسنی، جیونی اور پشکان میں بھی تقریباً 37 کھمبے گر گئے جسکی وجہ سے صرف ان متعلقہ علاقوں میں بجلی کی فراہمی متاثر ہوئی۔ کیسکو ترجمان کے مطابق جلد ہی شب

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

فیصل آباد: وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ ڈاکٹر شہباز گل تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی بلوچستان میں جاری سیاسی بحران میں ثالثی کا کردار ادا کرنے کوئٹہ پہنچ گئے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی بلوچستان میں جاری سیاسی بحران میں ثالثی کا کردار ادا کرنے کوئٹہ پہنچ گئے اسپیکر بلوچستان اسمبلی سے ملاقات، تفصیلات کے مطابق چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی اتوار کو کراچی سے کوئٹہ پہنچے کوئٹہ آمد کے بعد چیئرمین سینیٹ، سینیٹرز منظور خان کاکڑ، میر سرفراز بگٹی،

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد پاکستان کے دورہ پر آئے بوہری برادری کے روحانی پیشوا مفضل سیف الدین سے ملاقات کر رہے ہیں

شریفوں نے صرف اپنے اثاثے بنائے، ملک کو کنگال اور مقروض کردیا، فرخ حبیب

اثاثوں اور دولت آنے کا سورس پوچھا جائے تو جواب دینے کی بجائے گالم گلوچ اور دھمکیوں پر اتر آتے ہیں

نواز شریف اور شہباز شریف کو این آر او نہیں ملے گا، جہاں اختیار ہوگا وہاں احتساب بھی ہوگا، وزیر مملکت

فیصل آباد (این این آئی) وزیر مملکت اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ شریفوں نے صرف اپنے اثاثے بنائے، ملک کو کنگال اور مقروض کردیا، اثاثوں اور دولت آنے کا سورس پوچھا جائے تو جواب دینے کی بجائے گالم گلوچ اور دھمکیوں پر اتر آتے ہیں۔ نواز شریف اور شہباز شریف کو این آر او نہیں ملے گا، جہاں اختیار ہوگا وہاں احتساب بھی ہوگا، عمران خان شریفوں وزرداریوں کے برعکس کروڑوں روپے کے سرکاری خرچ سے کوئی کیمپ آفس نہیں بنایا، اور دن رات

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ملاقات بغیر کسی نتیجے کے ختم، موقف سے پیچھے نہیں ہٹیں گے

اسپیکر بلوچستان اسمبلی

شہباز شریف سے مذاکرات کے حوالے غلط خبریں چلی ہیں وزیر اعظم کا ایسا کوئی بیان نہیں آیا ہے

جو پاکستان کے آئین و قانون کو تسلیم کرے گا اور ہتھیار پھینکے گا ان سے مذاکرات کریں گے، شیخ رشید کی میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ شہباز شریف سے مذاکرات کے حوالے غلط خبریں چلی ہیں وزیر اعظم کا ایسا کوئی بیان نہیں آیا ہے، ہم نے 86 ہزار جانوں کی قربانی دی ہے امن کے لئے مزید قربانی دیں گے۔ میڈیا سے بات چیت میں انہوں نے بتایا کہ ممتاز عالم دین مولانا مفتی محمد تقی عثمانی سے کراچی میں ملاقات ہوئی ہے اور کئی اہم امور پر بات ہوئی ہے ان سے مشورے بھی لئے اور انہوں نے وزیراعظم عمران خان کے لئے پیغام دیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے شمالی وزیرستان میں ایف سی کے جوانوں پر حملے کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

آصف زرداری کی شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر حملے کی مذمت

دہشت گردوں سے وطن دشمن سمجھ کر نمٹنے کی ضرورت ہے، سابق صدر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) سابق صدر آصف علی زرداری نے شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں سے وطن دشمن سمجھ کر نمٹنے کی ضرورت ہے۔ اپنے بیان میں سابق صدر نے کہا کہ دہشت گردوں کا علاج صرف

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

عمران خان عوام کے پیسے اور قومی خزانے کا کسٹوڈین ہے، شہباز گل

عمران خان عوام کے پیسے اور قومی خزانے کا کسٹوڈین ہے، ایک ایک پیسے کا حساب دے گا، دوسروں سے ایک ایک پیسے کا حساب لے

وزیراعظم کی کوئی آف شور کمپنی نہیں، بیرون ملک کمپنی رجسٹر کرانیوالے کا تعلق عمران خان سے جوڑنے کی کوششیں کی جارہی ہیں افتتاحی تقریب سے خطاب

فیصل آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا کہ وزیراعظم کی کوئی آف شور کمپنی نہیں، بیرون ملک کمپنی رجسٹر کرانے والے کا تعلق عمران خان سے جوڑنے کی کوششیں کی جارہی ہیں، ہماری حکومت آئی تو (ن) لیگ دور میں لیا گیا ہر سال 11 ارب ڈالر کا قرض اتارنا پڑ رہا ہے، ماضی کے حکمرانوں کی لوٹ مار کے باعث عمران خان کیلئے سفر مشکل تھا مگر عمران خان نے ناممکن کو ممکن کر دکھایا، عمران خان عوام کے پیسے اور قومی خزانے کا کسٹوڈین ہے ایک ایک پیسے کا حساب دے گا دوسروں سے ایک ایک پیسے کا حساب لے، جس جس نے لوٹ مار کی اسے پینڈورا کی فکر کرنی چاہیے، کوئی حکمران اپنی جیب سے پیسے نہیں لگاتا کسی منصوبے کو اپنے نام سے وابستہ کرلینا درست نہیں۔ اتوار کو سے پیپر چک نمبر 89 ج ب رتہ فیصل آباد میں مختلف ترقیاتی کاموں کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ جب پی ٹی آئی نے حکومت سنبھالی تو گزشتہ حکومتوں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

کرپشن پر سب کا یکساں احتساب ہوتا تو قوم بین الاقوامی سطح پر بار بار شرمندہ نہ ہوتی' سراج الحق

پاکستان پہلے خود افغانستان کی حکومت کو تسلیم کرے اور پھر او آئی سی اجلاس بلا کر تمام ممالک مشترکہ طور پر طالبان کی حکومت تسلیم کریں

ملک ایک قدم آگے، سو قدم پیچھے کے مصداق چل رہا ہے تین سال میں ملک بحرانوں کی آماجگاہ بن چکا ہے امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ کرپشن پر سب کا یکساں احتساب ہوتا تو قوم بین الاقوامی سطح پر بار بار شرمندہ نہ ہوتی، ملک ایک قدم آگے، سو قدم پیچھے کے مصداق چل رہا ہے تین سال میں ملک بحرانوں کی آماجگاہ بن چکا ہے معاشی اور خارجہ پالیسی کے بحران نے پاکستان کو مزید کمزور کردیا ہے، الیکشن کمیشن اور میڈیا حملوں کی زد میں ہیں۔ قومی اسمبلی کا مسلسل کورم پورا نہ ہونا حکومت کی غیر سنجیدگی کو ظاہر کرتا ہے۔ پاکستان پہلے خود افغانستان کی حکومت کو

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پاکستان کی جانب سے افغان عوام کیلئے 174 ٹن سامان مہاجرین کیلئے نائب وزیر ملا خروٹی کے حوالے کردیا گیا

طورخم (این این آئی) پاکستان کی جانب سے افغان عوام کیلئے تیرہ ٹرکوں پر مشتمل 174 ٹن سامان افغانستان میں مہاجرین کیلئے نائب وزیر ملا خروٹی کے حوالے کردیا گیا۔ اتوار کو افغان حکام کے حوالے کیے گئے سامان میں ایک سو چالیس ٹن آٹا، سولہ ٹن چینی اور اٹھارہ ٹن چاول شامل تھے۔ سامان پاکستان افغانستان

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

حکومت مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے کے لیے منظم کوششیں کر رہی ہے، شہریار آفریدی

پاکستان درست سمت پر گامزن ہے اور ہر شعبہ میں پیش رفت اور ترقی نظر آرہی ہے، چیئرمین پارلیمانی کمیٹی

ہیوسٹن (این این آئی) قومی اسمبلی کی پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر کے چیئرمین شہریار آفریدی نے کہا ہے کہ پاکستان کی موجودہ حکومت دنیا بھر میں مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے کے لیے منظم کوششیں کر رہی ہے جس میں پارلیمانی کمیٹی کا کردار اہم ہے اور اس کمیٹی کی اہمیت اور کردار کو مزید موثر بنانے کے لیے ہرممکن کوششیں کر رہے ہیں۔ ہیوسٹن میں پاکستانی امریکن بزنس اینڈ پروفیشنل ایسوسی ایشن کے ممتاز رہنماؤں فرخ سوالی، ہارون مغل اور نظام یوسف کی جانب سے اپنے اعزاز میں منعقدہ استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان درست سمت پر گامزن ہے اور ہر شعبہ میں پیش

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں سیاسی بحران برقرار تحفظات دور نہ ہوسکے

مصالحتی کمیٹی آج ایک بار پھر دونوں فریقین سے ملاقات کریگی تحریک عدم اعتماد میں تکنیکی خرابی کے بعد متحدہ اپوزیشن صرف اخباری بیانات تک محدود ہوگئی

متحدہ اپوزیشن کی جانب سے 14 ستمبر کو وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد صوبائی اسمبلی میں جمع کرائی گئی تھی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سیاسی بحران برقرار، مصالحتی کمیٹی کی فریقین سے ملاقات کے باوجود تحفظات اور خدشات دور نہ ہوسکے مصالحتی کمیٹی آج ایک بار پھر دونوں فریقین سے ملاقات کریگی تحریک عدم اعتماد میں تکنیکی خرابی کے بعد متحدہ اپوزیشن صرف اخباری بیانات تک محدود ہوگئی۔ واضح رہے کہ متحدہ اپوزیشن کی جانب سے 14 ستمبر کو وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد صوبائی اسمبلی میں جمع کرائی گئی تھی جس کے بعد بی اے پی کے ناراض ارکان کی جانب سے اپنے تحفظات اور خدشات کا اظہار کیا گیا تھا جس پر چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی سربراہی میں مصالحتی کمیٹی کی جانب سے دونوں سے مذاکرات کیے گئے اور مصالحتی کمیٹی کی جانب سے جام کمال کو 15 دن کی مہلت دلائی گئی تاہم وہ مہلت ختم ہونے کے بعد ایک بار پھر سیاسی گرما گرمی بڑھ گئی اور مصالحتی کمیٹی کے سربراہ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی سربراہی میں سینیٹر منظور احمد کاکڑ سینیٹر میر سرفراز بگٹی، نصیب اللہ بازئی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

پاکستان بحریہ اور رائل سعودی نیول فورسز کے مابین دوطرفہ بحری مشق نسیم البحر 13 کا آغاز ہوگیا

کراچی (این این آئی) پاکستان بحریہ اور رائل سعودی نیول فورسز کے مابین دوطرفہ بحری مشق نسیم البحر 13 کا آغاز ہوگیا ہے۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پاکستان بحریہ اور رائل سعودی نیول فورسز کے مابین دوطرفہ بحری مشق نسیم البحر 13 کا آغاز ہوگیا ہے، بحری مشق نسیم البحر پاکستانی اور سعودی بحری افواج کے مابین

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

طالبان کے کنٹرول کے بعد سے افغانستان کیلئے پاکستان کی برآمدات میں کمی دیکھی گئی

ماہرین نے افغانستان پر طالبان کے کنٹرول کے تناظر میں غیر یقینی صورتحال کو اصل وجہ قرار دیدیا

15 اگست کو طالبان نے کابل پر کنٹرول حاصل کرکے افغانستان میں اپنی حکمرانی کا اعلان کردیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) اگست 2021 میں طالبان کے کابل پر قبضے کے بعد سے افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے بہاؤ اور افغانستان کو پاکستان کی برآمدات میں نمایاں کمی دیکھی گئی۔ رپورٹ کے مطابق اگست 2021 میں کارگو کی ترسیل میں 16 فیصد کمی آئی اور اس میں گزشتہ برس کے مقابلے میں 73 فیصد ستمبر میں مزید کمی واقع ہوئی۔ ماہرین نے افغانستان پر طالبان کے کنٹرول کے تناظر میں غیر یقینی صورتحال کو اصل وجہ قرار دیا ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق کہ ستمبر 2021 میں

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

لاہور: نمائندہ خصوصی وزیراعظم پاکستان برائے بین المذاہب ہم آہنگی ومشرق وسطی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شرپسندوں کو پھول پیش کرنے کی پالیسی ناکام تھی، بلاول

جوانوں کی قربانیاں ہماری قومی خودمختاری کے تحفظ کے لیے ہیں، قربانیاں رائیگاں جانے نہیں دیں گے، دہشتگردی کے خلاف پوری قوم یک آواز ہے

دہشتگردوں کو آہنی ہاتھوں سے کچل دیا جائے، شرپسندوں کو پھول پیش کرنے کی پالیسی ناکام تھی، ناکام ہے، ناکام رہے گی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جوانوں کی قربانیاں ہماری قومی خودمختاری کے تحفظ کے لیے ہیں، قربانیاں رائیگاں جانے نہیں دیں گے، دہشتگردی کے خلاف پوری قوم یک آواز ہے، دہشتگردوں کو آہنی ہاتھوں سے کچل دیا جائے، شرپسندوں کو پھول پیش کرنے کی پالیسی ناکام تھی، ناکام ہے، ناکام رہے گی۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے واقعہ میں فورسز کے 5 جوانوں کی شہادت پر افسوس اور شہداء کے لواحقین سے یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ جوانوں کی قربانیاں ہماری قومی خودمختاری کے تحفظ کے لیے ہیں، قربانیاں رائیگاں جانے نہیں دیں گے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پاکستان علماء کونسل کے زیر اہتمام ملک بھر ماہ ربیع الاول، ماہ ربیع الثانی سیرت مصطفیٰ ﷺ پر کانفرنسیں، اجتماعات ہونگے، طاہر محمود اشرفی

کویت کی حکومت کی طرف سے پاکستانیوں کیلئے ویزے شروع کردیئے گئے ہیں، افغانستان اور متحدہ عرب امارات سے بھی حالات بہتر ہیں، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) نمائندہ خصوصی وزیراعظم پاکستان برائے بین المذاہب ہم آہنگی ومشرق وسطی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ پاکستان علماء کونسل کے زیر اہتمام ملک بھر میں ماہ ربیع الاول، ماہ ربیع الثانی سیرت مصطفیٰ ﷺ پر کانفرنسیں، اجتماعات ہوں گے، دونوں ماہ کے خطبات جمعہ میں عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق موضوعات اختیار کیے جائیں گے، جمعہ کے موضوعات میں تعلیم کی اہمیت، حجاب اور حیا، تعلیمات مصطفیٰ ﷺ کی روشنی میں رسول اللہ ﷺ کا طریقہ تبلیغ، عورتوں کے حقوق، اقوام

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

ناراض ساتھیوں کے اجتماعی فیصلے پر عمل کیا جائے گا، ظہور بلیدی

خدشات دور کرنے کی یقین دہانی کرائی جبکہ ناراض ارکان نے موقف اختیار کیا کہ ہم اپنے دیگر ساتھیوں کے اجتماعی موقف کے ساتھ چلیں گے

تحفظات اور خدشات دور کرنے کی یقین دہانی تاہم ناراض ارکان نے موقف اختیار کیا ہے' صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ جام کمال کی صوبائی وزراء کے ہمراہ ناراض صوبائی وزیر خزانہ ظہور بلیدی اور حاجی اکبر آسکانی سے ملاقات تحفظات اور خدشات دور کرنے کی یقین دہانی تاہم ناراض ارکان نے موقف اختیار کیا ہے کہ ناراض ساتھیوں کے اجتماعی فیصلے پر عمل کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اتوار کے روز وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال نے اپنے حامی وزراء کے ہمراہ ناراض ارکان میر ظہور احمد بلیدی اور حاجی اکبر آسکانی سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی جام کمال نے ناراض میر ظہور بلیدی اور حاجی اکبر آسکانی کو تحفظات اور خدشات دور کرنے کی یقین دہانی کرائی جبکہ ناراض ارکان نے موقف اختیار کیا کہ ہم اپنے دیگر ساتھیوں کے اجتماعی موقف کے ساتھ چلیں گے۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان ناراض ارکان کو راضی کرنے کی مہم پر

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

نااہل حکومت کی سب سے بڑی ناکامی بدترین مہنگائی، بھاری سودی قرضوں کا حصول، بدحکمرانی میں اضافہ ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

حکمرانوں نے اسلام دشمن آئی ایم ایف ورلڈ بینک کی ہدایت پر مہنگائی کا طوفان برپا کررکھا ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان کا بیان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ موجودہ ناکام نااہل حکومت کی سب سے بڑی ناکامی بدترین مہنگائی، بھاری سودی قرضوں کا حصول، بدحکمرانی میں اضافہ ہے۔ حکمرانوں نے اسلام دشمن آئی ایم ایف ورلڈ بینک کی ہدایت پر مہنگائی کا طوفان برپا کررکھا ہے۔ پٹرولیم واشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں ہر دس پندرہ روز میں اضافہ کیا جاتا ہے۔ ڈالر، پٹرول، چینی، آٹا ملکی تاریخ کے بلند ترین سطح پر پہنچ چکا ہے۔ تبدیلی سرکار عوام کی خوشیاں کھا

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

وکلاء برادری انصاف کی فراہمی کیلئے جدوجہد کرتی ہے ہم نے ہمیشہ ان کو سپورٹ کیا، چوہدری پرویز الٰہی

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی چوہدری پرویز الٰہی، وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ طارق بشیر چیمہ سے حاجی محمد افضل دھرالہ چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی پنجاب بار کونسل، فرحان شہزاد وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل اور میاں عبدالرحمن غفور ایڈووکیٹ نے یہاں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

نیشنل پارٹی اکتوبر اپنی قومی کانگریس بنام میر حاصل خان بزنجو کا انعقاد کررہی ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

استحصال، معاشی وسماجی نابرابری نے عوام کو پسماندگی، لاچارگی، بیروزگاری اور ناخواندگی جیسے سنگین مسائل کا شکار کررکھا ہے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی بلوچستان کی ورکرز کانفرنس بیاد حاجی محمد عمر سنگوری بمقام موضع حاجی سبز منعقد ہوئی ورکرز کانفرنس میں تحصیل بھاگ کے پارٹی ورکرز کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر کارکنوں نے تنظیمی، علاقائی، ملکی سیاسی صورتحال پر سوالات کئے جن کے پارٹی سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے جوابات دیے۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر مالک بلوچ نے ورکرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی اکتوبر اپنی قومی کانگریس بنام میر

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کراچی کے نجی بینک سے 20 کروڑ روپے لوٹنے والے 3 ملزمان پشاور سے گرفتار

کراچی/پشاور (این این آئی) پشاور کے تھانہ حیرکال پولیس نے کراچی کے نجی بینک کے 20 کروڑ 50 لاکھ روپے لوٹنے میں ملوث 3 ملزمان کو پشاور سے گرفتار کرلیا، تفصیلات کے مطابق ملک کے تجارتی حب کراچی میں سال کی سب سے بڑی ڈکیتی میں ملوث 3 ملزمان

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

عمر شریف کی میت (آج) پاکستان روانہ کیے جانے کا امکان

عمر شریف کا جسد خاکی پاکستان لانے اور ان کی تدفین کے حوالے سے حکومتی سطح پر کوششیں کی جارہی ہیں، ذرائع

کراچی (این این آئی) گزشتہ روز جرمنی میں انتقال کرجانے والے لیجنڈ کامیڈین عمر شریف کا جسد خاکی آج (پیر) پاکستان روانہ کیے جانے کا امکان ہے جبکہ تدفین منگل کو ہوگی۔ ذرائع کے مطابق لیجنڈ کامیڈین عمر شریف کا جسد خاکی پاکستان لانے اور ان کی تدفین کے حوالے سے حکومتی سطح پر کوششیں کی جاری ہیں، جرمنی میں پاکستان کے سفارت خانے کا عمر شریف کے ہمراہ علاج کے لیے جانے والی ان کی اہلیہ سے مسلسل رابطہ ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حکومتی سطح پر

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

گوادر: ایف سی اہلکار سیلابی ریلے کے باعث الٹنے والی گاڑی میں پھنسے افراد کو ریسکیو کر رہے ہیں

کورونا پاکستان میں 32 ویں نمبر پر آگیا، مزید 35 افراد چل بسے

این سی او سی کے اعدادوشمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 1 ہزار 656 کیسز سامنے آئے ہیں

مزید 35 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس کے مزید 2 ہزار 52 مریض شفایاب ہوگئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وائرس کی چوتھی لہر کے دوران مزید 35 افراد چل بسے، 1656 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 32 ویں نمبر پر آ گیا۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعدادوشمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 1 ہزار 656 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 35 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس کے مزید 2 ہزار 52 مریض شفایاب ہوگئے، مثبت کیسز کی شرح 3 اعشاریہ 26 فیصد ہوگئی۔ پاکستان بھر میں کورونا وائرس کے اب

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

ملتان، مسافر بسوں اور ویگنز میں بغیر کورونا وائرس ویکسی نیشن سرٹیفکیٹ چیک کیے مسافر سوار کرنے پر 19 مسافر گاڑیوں کو قبضے میں لے لیا گیا

ملتان (این این آئی) ملتان میں مسافر بسوں اور ویگنز میں بغیر کورونا وائرس ویکسی نیشن سرٹیفکیٹ چیک کیے مسافر سوار کرنے پر 19 مسافر گاڑیوں کو قبضے میں لے لیا گیا۔ ملتان میں سیکریٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی رانا محسن نے کورونا ایس او پیز کی خلاف ورزی پر مسافر بسوں اور ویگنز کو چیک کیا۔ رانا محسن نے مسافروں

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

لاہور: چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) مزمل حسین دیامیر بھاشا ڈیم کے دورے کے موقع پر کمانڈر ٹین کور لیفٹیننٹ جنرل شہیر شمشاد کو سوینئر پیش کر رہے ہیں

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

اداریہ

EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر، نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر، موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں بزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد، آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

اکتوبر 2021ء

ناراض اراکین اسمبلی کے تحفظات دور کئے جائیں گے

بلوچستان عوامی پارٹی ملک کی سب سے جمہوری جماعت ہے ہمارے درمیان اختلافات اور فاصلے آجاتے ہیں جنھیں مل بیٹھ کر حل کرلیا جاتا ہے کچھ لوگوں کی کوشش تھی کہ وہ فاصلوں کو بڑھائیں لیکن ہم نے ذمہ داری سے عزت و احترام کا مظاہرہ کیا، اب تک چھ ارکان اسمبلی سے ملاقاتیں کی ہیں انکے تحفظات دور کئے جائیں گے پارٹی میں تحفظات آتے ہیں ہم ان پر بات اور بحث ومباحثہ کرتے ہیں اور ان مسائل اور فاصلوں کو دور کر لیتے ہیں کچھ افراد چاہتے تھے کہ ہمارے درمیان مزید دوریاں بڑھیں اور ہم ایک دوسرے کے خلاف ردعمل دیں لیکن الحمدللہ ہم نے ذمہ داری اور عزت و احترام کا مظاہرہ کیا ہے میڈیکل کالجز میں داخلے کے لئے پی ایم سی کے ٹیسٹ میں بے ضابطگیوں کے خلاف طلباء وطالبات کی شکایات پر بلوچستان حکومت نے معاملہ پی ایم سی کی انتظامیہ کے ساتھ اٹھایا ہے تمام جائز اور حقیقی تحفظات دور کئے جائیں گے گوادر میں پانی کی فراہمی، ڈیم، تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر، کھیلوں ہنرمندی اور روزگار کی فراہمی کے شعبوں میں ترقیاتی کام جاری ہیں گوادر میں طوفان اور بارشوں سے متاثرہ افراد کی ہر ممکن امداد کی جائیگی گوادر میں ریلیف کا کام شروع کردیا گیا ہے پی ڈی ایم اے، ضلعی انتظامیہ، پاک فوج اور ایف سی ملکر ایک دوسرے کی معاونت کررہے ہیں۔

سید مودودیؒ عالمی راہ نما!

عربا اور کعبہ و بت خانہ می نالد حیات
تا ز بزم عشق یک دانائے راز آید بروں!

سید مودودیؒ آج سے 42 سال قبل رحلت فرما گئے، مگر ان کی حسین یادیں آج بھی دل میں

حافظ محمد ادریس

تازہ ہیں۔ ان کی کس خوبی کا ذکر کروں۔ مرحوم کے کارنامے ہمہ پہلو، ہمہ جہت اور جامع ہیں۔ آپ کا اصل کام فکری رہنمائی اور قلم و قرطاس کا صحیح استعمال ہے۔ جہاد قلم، زبان اور تلوار سبھی سے کیا جاتا ہے۔ دیرپا اثرات قلمی جہاد ہی کے ہوتے ہیں، جو سید مودودیؒ کی اصل پہچان ہے۔ مولانا مودودیؒ کی تمام تصانیف، موثر، دل و دماغ کو اپیل کرنے والی اور ایک مخلص داعیٔ حق کا درد دل لیے ہوئے ہیں۔ ان کتابوں نے بلاشبہ لاکھوں انسانوں کی زندگیوں کو تبدیل کیا ہے۔ ہر علاقے اور ہر زبان سے تعلق رکھنے والے غیر مسلم ان کی تحریریں پڑھ کر اسلام سے روشناس ہوئے۔ اسی طرح مولانا مودودیؒ کی کتب کے مطالعے کی بدولت خود بے شمار مسلمانوں کی زندگیوں میں انقلاب برپا ہوا۔

مولانا مودودیؒ کا کمال تھا کہ جن علاقوں کا کبھی سفر نہ کیا تھا، وہاں کے حالات سے بھی باخبر تھے۔ چند واقعات براعظم افریقہ کے تناظر میں پیش خدمت ہیں۔ 1974ء کے آغاز میں مولانا مودودیؒ کے حکم پر مجھے اسلامک فاؤنڈیشن، نیروبی میں خدمات سرانجام دینے کے لیے کینیا جانے کا اتفاق ہوا اور 12 برس تک وہاں رہا۔ اس دوران عموماً سال میں ایک یا دو مرتبہ مجھے پاکستان آنے کا موقع ملتا تھا۔ 1978ء تک ہر مرتبہ واپسی پر میں مولانا محترم کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا۔ وہاں سے رہنمائی کے لیے کبھی کبھار خطوط بھی ارسال کیے جاتے تھے۔ مولانا مرحوم، افریقہ کے بارے میں اس قدر معلومات رکھتے تھے کہ حیرانی ہوتی، حالانکہ مولانا نے کبھی افریقہ کا دورہ نہ کیا تھا۔

میں نے حبشہ کے ظالم شہنشاہ ہیل سلاسی کا تختہ الٹے جانے کے بعد اس کے مظالم کا تذکرہ کیا تو مولانا نے فرمایا: "ہیل سلاسی بڑا ظالم اور متعصب عیسائی تھا۔ اس کے دل میں اسلام سے شدید بغض و عناد تھا، مگر نئے آنے والے کمیونسٹ فوجی افسران، مسلمانوں پر اس سے بھی زیادہ ظلم ڈھائیں گے، کیونکہ روس نے جہاں کہیں اپنے حامیوں کو کامیاب کرایا ہے، خوف و ہراس کی بدترین فضا پیدا کی ہے۔ اس کے باوجود ایک اچھا پہلو یہ ہے کہ اریٹیریا کے مسلمانوں کی تحریک اب مضبوط ہو جائے گی، کیونکہ ہیل سلاسی پورے ملک میں اتحاد کا مظہر سمجھا جاتا تھا۔ اس کے لیے پایا جانے والا نام نہاد تقدس موجودہ فوجی حکمرانوں کو حاصل نہ ہوگا۔" یہ بات مولانا مودودیؒ نے اکتوبر 1975ء کو فرمائی تھی۔ کس قدر درست تجزیہ اور کتنی سچی پیش بینی تھی۔ 1993ء میں مسلم علاقہ اریٹیریا حبشہ کی غلامی سے آزاد ہو گیا۔

1978ء میں مجھے اچانک اپنی والدہ مرحومہ کی شدید بیماری کی وجہ سے پاکستان آنا پڑا تو مولانا سے ملاقات ہوئی۔ یوگنڈا کے فوجی ڈکٹیٹر عیدی امین کی حکومت کے خلاف عیسائی باغیوں نے تنزانیہ کی افواج کے تعاون سے خانہ جنگی شروع کر دی تھی۔ باغی مسلسل پیش قدمی کر رہے تھے۔ یوگنڈا میں مسلمان اقلیت میں ہیں۔ مولانا سے ملاقات ہوئی، ان کی طبیعت ناساز تھی مگر کمال شفقت و محبت سے انھوں نے مجھے کافی وقت دیا۔ میں نے اجازت چاہی تو فرمایا: "نہیں ابھی ذرا بیٹھو۔" مولانا محمد سلطان مرحوم اور حفیظ احمد مرحوم بھی میرے ساتھ تھے۔ مولانا نے اس جنگ کے بارے میں فرمایا: "عیدی امین کی حماقتوں کا خمیازہ مسلم عوام کو بھگتنا پڑے گا۔ اس کے خلاف جس طرح ساری قوتیں سرگرم عمل ہیں، اس کی شکست اب بالکل نوشتۂ دیوار ہے۔ اسے تو کہیں نہ کہیں پناہ مل جائے گی مگر عام مسلمانوں پر سخت عذاب آ جائے گا۔" جولیس نیریرے (صدر تنزانیہ) کے بارے میں فرمایا: "وہ زنجبار کی مسلم حیثیت اور اسلامی تشخص کو ختم کرنے کا پہلے ہی مجرم ہے، اب یوگنڈا میں بھی ایک تنگ دل عیسائی مشنری کی طرح اسلام کی بیخ کنی کرے گا۔" اس کے پانچ چھ ماہ بعد اپریل 1979ء میں یوگنڈا پر باغیوں کا قبضہ ہو گیا۔ عیدی امین کو تو سعودی عرب میں سیاسی پناہ مل گئی، مگر مسلمان آبادی ظلم کا نشانہ بنی۔

ایک مرتبہ میں نے مولانا کی خدمت میں افریقی مسلم معاشرے کی اس خرابی کا تذکرہ کیا کہ وہاں شادی کا تقدس تقریباً ختم ہو چکا ہے۔ اس قدر طلاقیں واقع ہوتی ہیں کہ کثیر تعداد میں مطلقہ جوڑوں کے بچے بے یار و مددگار ہو کر عیسائی مشنریوں کے ہتھے چڑھ جاتے ہیں۔ اس پر مولانا نے فرمایا: "عربوں کے ہاں سے بہت ساری اچھی اور بری چیزیں افریقہ میں بھی پہنچی ہیں۔ نکاح کا تقدس اور طلاق حلال ہونے کے باوجود ابغض قرار پانے کا موضوع دھندلا گیا ہے۔ اسے اجاگر کرنے کے لیے اسلام کی بنیادی تعلیمات کو عام کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ کتاب حقوق الزوجین کا انگریزی اور سواحلی ترجمہ کروا کر اسے عام پھیلانے سے بھی مفید نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔"

افریقہ میں یورپی ممالک کی مشنری سرگرمیاں کافی عرصے سے منظم انداز میں چل رہی ہیں۔ مغربی دنیا کے دیگر ملکوں کی طرح ڈنمارک کی بعض تنظیموں نے بھی یہاں مشنری ادارے قائم کیے ہیں۔ ایسا ہی ایک ادارہ کینیا کے ایک ضلعی صدر مقام اسیولو میں تھا۔ یہ سنٹر ہمارے الفلاح اسلامک مرکز سے متصل تھا۔ یہاں کا انچارج ایک ڈینش نوجوان پربین بوگارڈ (Preben Bundgaard) تھا۔ الفلاح مرکز کے انچارج جناب شیخ محمد سلقی تھے۔ مسٹر پربین کے ساتھ ان کی مجلسیں ہوتی رہتی تھیں۔ اسیولو نیروبی سے تقریباً دو سو کلومیٹر کے فاصلے پر شمال مشرق میں واقع ہے۔ شیخ صاحب نے ایک روز وہاں مسٹر پربین سے ہمارا تعارف کروایا کہ ان کے ذہن میں اسلام کے بارے میں بہت سے سوالات ہیں۔

مسٹر پربین نے پہلی ہی ملاقات میں کئی سوالات پوچھے۔ جس سے اندازہ ہوا کہ اسلام کے بارے میں ان کی معلومات کس قدر غلط ہیں۔ ان سے درخواست کی گئی کہ وہ سنجیدگی سے اسلام کی بنیادی تعلیمات کا مطالعہ کریں۔ انھیں سب سے پہلے سلامتی کا راستہ دی گئی جو سواحلی اور انگریزی دونوں زبانوں میں دستیاب تھی۔ سواحلی زبان میں اس کا نام Njia ya Amani Na Uokofu ہے۔ انگریزی میں یہ (Road to Peace and Salvation) کے نام سے دستیاب ہے۔ پہلی کتاب مکمل طور پر پڑھ لینے کے بعد مسٹر پربین نے کہا: "اس کتاب نے میرے دل میں ایک آگ سی لگا دی ہے، کچھ سمجھ نہیں آ رہی کہ حقیقت تک پہنچنے کے لیے کیا کروں۔" انھیں بتایا گیا کہ وہ دینیات کا مطالعہ کریں اور اس کے نتیجے میں ذہن میں اٹھنے والے سوالات پیش کریں۔ چنانچہ دینیات کا مطالعہ مکمل کرنے کے بعد وہ اسیولو سے نیروبی آئے۔ جب وہ اسلامک فاؤنڈیشن کے دفتر قرآن ہاؤس میں پہنچے تو میں اس وقت نماز پڑھ رہا تھا۔ چوکیدار نے دروازہ کھول دیا اور وہ ہال میں کرسی پر بیٹھ گئے۔ میں نماز سے فارغ ہوا، علیک سلیک کے بعد جب انھوں نے اپنے ڈینش لہجے میں پوری ثنا پڑھ دی تو مجھے خوش گوار تعجب ہوا۔ میں نے کہا: "مسٹر پربین کیا آپ مسلمان ہو چکے ہیں؟" کہنے لگے: "ابھی نہیں، البتہ اس کی جانب پیش قدمی شروع کر دی ہے۔"

میں نے پوچھا: "پھر آپ نے یہ عربی عبارت کس طرح یاد کی ہے؟" کہنے لگے: "دینیات کتاب میں اسلام کا بہت جامع تعارف کروایا گیا ہے۔ اس کتاب کے مطابق معلوم ہوا جو شخص مسلمان ہوتا ہے اس پر سب سے پہلے نماز فرض ہو جاتی ہے جس سے فرار ممکن نہیں۔ اس لیے میں نے سوچا کہ اگر میں مسلمان ہو جاؤں اور نماز پڑھنا نہ آتی ہو تو یہ ایک ناقص مسلمان کی صورت ہوگی۔ چنانچہ میں نے باقاعدہ مسلمان ہونے سے پہلے نماز یاد کرنا شروع کر دی ہے۔ اب میں آپ کو دعوت دیتا ہوں کہ آپ 15 دن بعد اسیولو آئیں اور ہم اپنی اس ملاقات میں حتمی طور پر طے کر لیں کہ آیا مجھے مسلمان ہونا ہے یا اپنے سابقہ مذہب پر رہنا ہے۔"

اگلے سفر میں جب ہم اسیولو پہنچے تو قافلہ ڈاکٹر محمد سعید صاحب، خلیل ملک صاحب، حاجی محمد لقمان صاحب، محمد اختر بھٹی صاحب پر مشتمل تھا۔ شیخ محمد سلقی صاحب ہمارے میزبان تھے اور ہمیں اس بات کا انتظار تھا کہ مسٹر پربین الفلاح مرکز میں کب آتے ہیں۔ شیخ سلقی بتانے لگے کہ پربین نے صبح سے کئی مرتبہ پوچھا ہے کہ نیروبی سے مہمان کب آئیں گے۔ ہم یہ باتیں کر ہی رہے تھے کہ مسٹر پربین تشریف لے آئے اور آتے ہی کہا: "السلام علیکم"۔ ہم نے ان کا حال احوال معلوم کیا۔ میں نے کہا: "کیا آپ مسلمان ہو چکے ہیں"۔ انھوں نے کہا: "ہاں، ان شاء اللہ آج مسلمان ہونے کا ارادہ کر کے آیا ہوں۔"

اس مجلس میں سب لوگوں کی زبان پر اللہ اکبر، اللہ اکبر تھا اور بعض کی آنکھوں میں آنسو بھی۔ اسی مجلس میں مسٹر پربین کو کلمہ پڑھایا گیا، جو انھوں نے پہلے سے یاد کیا ہوا تھا۔ اسی روز ان کا اسلامی نام عبدالرحمن رکھا گیا۔ واقعہ یہ ہے کہ اس انقلاب کا سب سے بڑا محرک سید مودودیؒ کی کتب ہی ہیں۔

مسٹر پربین جواب عبدالرحمن بن چکے تھے، اس سے قبل کینیا کی ایک مقامی لڑکی کے ساتھ رہائش پذیر تھے۔ وہ ایک عیسائی لڑکی تھی۔ عبدالرحمن کی کوششوں کے باوجود وہ مسلمان نہ ہوئی تو ان کے درمیان ایک خلیج حائل ہو گئی۔ اس واقعے کے بعد عبدالرحمن کو ان کے مشن نے ملازمت سے نکال دیا اور انھوں نے وطن واپسی کے لیے رخت سفر باندھا۔ قبل اس کے کہ وہ واپس جاتے، ان کی خواہش تھی کہ وہ عمرے کی سعادت حاصل کر لیں۔ اس دوران نام کی تبدیلی، قبول اسلام کی شہادت اور سرٹیفکیٹ تیار کرا لیا گیا۔ اسی مجلس میں ان کے سامنے تجویز رکھی گئی کہ کیوں نہ عمرے کی ادائیگی کے بعد اسلامک فاؤنڈیشن کے مرکز میں کچھ عرصہ کام کریں، چنانچہ وہ اس پر تیار ہو گئے۔

عبدالرحمن کو جو معاوضہ ڈنمارک حکومت کی طرف سے مل رہا تھا، ہم وہ تو نہ دے سکے، لیکن ہمارا معمولی سا معاوضہ بھی اس متلاشیٔ حق نے قبول کر لیا۔ انھوں نے ہمارے ساتھ تقریباً دو سال تک کام کیا۔ دو سال بعد انھوں نے مستقل طور پر ڈنمارک جا کر اسلامک سنٹر کوپن ہیگن میں خدمات انجام دیں۔ ان کی شادی ایک پاکستانی لڑکی سے ہو گئی اور وہ خوشگوار زندگی گزار رہے تھے مگر ان کا کوئی بچہ نہیں تھا۔ وہ پاکستان بھی دو تین مرتبہ تشریف لائے۔

ہنسانے والا رولا گیا

شیخ فرید



عمر شریف کے جملے اور شگفتگی کا حسن سمیٹے فقرے صدیوں اسٹیج ڈراموں کے شائقین دل و دماغ اور ذہنوں میں اپنی گونج کا احساس دلاتے رہیں گے۔ عمر شریف روتوں کو ہنسانے والے تھے ہنسانے بڑا فنکار اپنے چاہنے والوں کو روتا چھوڑ گیا ہے

کامیڈی کے سپر اسٹار عمر شریف 19 اپریل 1955 کو کراچی کے علاقے لیاقت آباد میں پیدا ہوئے، پاکستان کے اس فنکار نے 14 سال کی عمر سے اسٹیج اداکاری شروع کی اور وہ دیکھتے ہی دیکھتے کامیڈی کی دنیا کے کنگ بن گئے۔

انہوں نے کامیڈی کا جو منفرد ٹرینڈ متعارف کرایا اُس میں عوامی لہجہ، انداز اور روزمرہ کے واقعات کا مزاحیہ تجزیہ شامل رہا۔

اسٹیج ڈرامے عمر شریف کی مقبولیت کی وجہ بنے اور عالمی شہرت پائی

عمر شریف تھیٹر اور اسٹیج ڈرامے کے بے تاج بادشاہ تھے، انہوں نے ٹی وی اور فلموں میں بھی اپنے فن کا مظاہرہ کیا لیکن ان کی مقبولیت کی بڑی وجہ مزاحیہ اسٹیج ڈرامے ہیں۔

عمر شریف صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ ہندوستان اور جہاں جہاں اردو بولی اور سمجھی جاتی ہے وہاں ان کے مداح موجود ہیں۔

عمر شریف نے میزبانی شروع کی تو وہاں بھی کامیابی کے جھنڈے گاڑے، جیو انٹرٹینمنٹ پر نشر ہونے والا دا شریف شو، تاریخ کا مقبول پروگرام ثابت ہوا۔ بکرا قسطوں پے اور بڈھا گھر پے ہے جیسے لازوال اسٹیج ڈراموں کو ان کے مداح آج بھی دیکھتے اور لطف اٹھاتے ہیں۔ عمر شریف کی خدمات کے عوض انہیں نگار ایوارڈ اور تمغہ امتیاز سمیت کئی اعزازات سے نوازا گیا۔ سوشل میڈیا نے اسٹیج ڈراموں کی مقبولیت تو کم کی ہے لیکن عمر شریف کامیڈی کا وہ سورج ہے جو کبھی غروب نہ ہوا۔

عمر شریف کی علاج کیلئے امریکا منتقلی کا پس منظر یہ ہے کہ عمر شریف کو پاکستان سے علاج کی غرض سے 28 ستمبر کو ایئر ایمبولینس کے ذریعے امریکا روانہ کیا گیا تھا تاہم طویل سفر اور تھکاوٹ کے باعث انہیں جرمنی کے اسپتال میں داخل کروایا گیا تھا جہاں انہیں نمونیہ ہونے اور ایئر ایمبولینس میں فنی خرابی کے باعث اداکار کا جرمنی میں وقفہ طویل ہو گیا۔

امریکا میں موجود اداکار عمر شریف کے معالج ڈاکٹر طارق شہاب نے بتایا تھا کہ جرمنی میں اداکار کے ڈائیلیسز کے بعد ڈاکٹرز کی ہدایات کی روشنی میں انہیں امریکا منتقل کیا جائے گا

وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی شہباز گل نے عمر شریف کے انتقال پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اداکار کی رحلت پر دل انتہائی رنجیدہ ہے، اللہ تعالیٰ عمر شریف کو غریق رحمت کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

شہباز گل کا کہنا تھا عمر شریف کو اپنے کام کے باعث کامیڈی کی دنیا میں منفرد مقام حاصل رہا اور انہوں نے اپنی شاندار کام سے نسل در نسل ناظرین کے دل جیتے، عمر شریف عوام کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔

انہوں نے کامیڈی کا جو منفرد ٹرینڈ متعارف کرایا اُس میں عوامی لہجہ، انداز اور روزمرہ کے واقعات کا مزاحیہ تجزیہ شامل رہا۔

عمر شریف تھیٹر اور اسٹیج ڈرامے کے بے تاج بادشاہ تھے، انہوں نے ٹی وی اور فلموں میں بھی اپنے فن کا مظاہرہ کیا لیکن ان کی مقبولیت کی بڑی وجہ مزاحیہ اسٹیج ڈرامے ہیں۔

عمر شریف صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ ہندوستان اور جہاں جہاں اردو بولی اور سمجھی جاتی ہے وہاں ان کے مداح موجود ہیں۔

عمر شریف نے میزبانی شروع کی تو وہاں بھی کامیابی کے جھنڈے گاڑے، جیو انٹرٹینمنٹ پر نشر ہونے والا دا شریف شو، تاریخ کا مقبول پروگرام ثابت ہوا۔

بکرا قسطوں پے اور بڈھا گھر پے ہے جیسے لازوال اسٹیج ڈراموں کو ان کے مداح آج بھی دیکھتے اور لطف اٹھاتے ہیں۔ عمر شریف کی خدمات کے عوض انہیں نگار ایوارڈ اور تمغہ امتیاز سمیت کئی اعزازات سے نوازا گیا۔

عمر شریف کی پہلی بیوی شکیلہ قریشی تھیں ان سے ایک بیٹی ہوئی جسے رانی کہتے تھے رانی کو گردوں کی خرابی کا عارضہ لاحق تھا اور وہ زیر علاج تھیں۔ عمر شریف کو اپنی بیٹی سے بڑی محبت تھی انہیں بیٹی کی بیماری کا بڑا غم تھا وہ اکثر کہتے میری زندگی ختم ہو چکی ہے۔ رانی کی بیماری نے مجھے جیتے جی مار دیا ہے۔

عمر شریف نے زندگی بھر فن کی دنیا پر راج کیا۔ وہ اسٹیج کے بادشاہ تھے۔ ڈرامہ رائٹر کے طور پر بھی عمر شریف کا ایک بڑا نام تسلیم کیا جاتا تھا۔ اکثر اسٹیج ڈرامے عمر شریف خود لکھتے تھے۔ اُن کے ڈرامے بے حد جاندار ہوتے تھے اور بے پناں پذیرائی حاصل کرتے۔

عمر شریف اپنے فن کی بلندی کے سبب ہمیشہ سر بلند رہیں گے۔

پاکستانی طالبان کے لیے "این آر او"

مجیب الرحمٰن شامی

وزیراعظم عمران خان نے جب سے اپنا منصب سنبھالا ہے، اور اب اس وقوعہ کو تین سال سے زیادہ ہو چکے ہیں، انہوں نے اس بات پر مسلسل زور دیا ہے کہ وہ کسی کو "این آر او" نہیں دیں گے۔ اپنی مخالف سیاسی جماعتوں، مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے رہنماؤں پر وہ بار بار الزام لگاتے رہے ہیں کہ ان کا واحد مقصد "این آر او" کا حصول ہے۔ ان کے وزرائے کرام اور ترجمان حضرات کا بھی اصرار رہا ہے کہ اگر این آر او دیا جائے تو اپوزیشن کے نزدیک دودھ اور شہد کی نہریں بہنا شروع ہو جائیں گی، اگر ایسا نہیں ہوگا تو پھر ہنگامہ جاری رہے گا اور منتخب حکومت کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کرنے اور مشکلات پیدا کرنے کی سیاست سرگرم رہے گی۔ این آر او "نیشنل ری کنسلی ایشن آرڈیننس" کا مخفف ہے، جس کا مطلب ہے "قومی مفاہمت کا فرمان"۔ یہ صدر جنرل پرویز مشرف اور محترمہ بے نظیر بھٹو کے درمیان طے پایا تھا، اور اس کی بدولت پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم کے بے شمار رہنماؤں اور کارکنوں پر درج مختلف نوعیت کے مقدمات ختم ہو گئے تھے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو کا خیال تھا کہ یہ ریلیف حاصل کر کے معمول کی سیاسی سرگرمیاں شروع کرنا ان کے لیے ممکن (یا آسان) ہو جائے گا۔ اسے بعدازاں سپریم کورٹ میں چیلنج کیا گیا، ڈاکٹر مبشر حسن مرحوم جیسے افراد بھی درخواست گذاروں میں شامل تھے۔ افتخار چودھری صاحب کی بنچ عدالت نے اسے کالعدم قرار دے دیا، افتخار چودھری کے بعد مقرر کیے جانے والے چیف جسٹس عبدالحمید ڈوگر نے اس خط تنسیخ پر خط تنسیخ کھینچ دیا۔ اس کے بعد کیا ہوا، وہ تفصیل بھی دلچسپ ہے لیکن فی الوقت اس میں سر کھپانے کی ضرورت نہیں۔ مذکورہ آرڈیننس کے ذریعے یکم جنوری 1986ء سے لے کر 12 اکتوبر 1999ء تک درج کیے جانے والے کرپشن، منی لانڈرنگ، بدعنوانی، دہشت گردی اور قتل و غارت کے مقدمات واپس لے لیے گئے تھے، بری الذمہ قرار پانے والوں میں سرکاری افسروں کی بڑی تعداد بھی شامل تھی، جنہیں مبینہ طور پر محترمہ بے نظیر بھٹو کے ساتھ کام کرنے کی وجہ سے نشانہ بنایا گیا تھا۔ سپریم کورٹ نے حکومت کو فائدہ اٹھانے والوں کی فہرست پیش کرنے پر مجبور کیا، تو 8 ہزار سے زائد افراد کے نام منظر عام پر آئے، جن میں 34 سیاست دان تھے۔ سیاسی منظر نامہ بدلا تو این آر او سے استفادہ کرنے والوں کا تعاقب کسی کو یاد نہ رہا۔ بہرحال، اُس وقت سے لے کر آج تک مذکورہ آرڈیننس کا تذکرہ حقارت سے کیا جاتا ہے۔ وزیراعظم عمران خان کی خصوصی توجہ سے "این آر او" کے الفاظ گالی بنا دیے گئے ہیں۔ گذشتہ کچھ عرصے کے دوران مختلف سرکاری افسروں اور سیاست دانوں کے خلاف احتساب کے نام پر جو کارروائیاں کی گئی ہیں، ان کے بارے میں اعلیٰ عدالتوں کے منفی ریمارکس کے باوجود وزیراعظم کو توفیق نہیں ہوئی کہ صورت حال کا معروضی جائزہ لے کر ناانصافیوں کا ازالہ کرنے کی سوچیں۔ مختلف وزرائے کرام بھی نام نہاد احتسابی عمل پر حکومت کی کارکردگی کو متاثر کرنے کا الزام لگاتے رہتے ہیں۔ سرکاری افسروں کی بے عملی اور سست روی کی وجہ سے گورننس کے جو مسائل پیدا ہوئے ہیں، ان کا بھی تذکرہ جاری رہتا ہے، لیکن حالات کو درست کرنے کی کوئی موثر کوشش نہیں کی جاتی۔ وزیراعظم اس حوالے سے کوئی بات سننے پر آمادہ نہیں ہیں۔ وہ دنیا بھر میں اپنے حریفوں کے خلاف دل کا غبار نکال کر خوش ہوتے، اور تان اس بات پر توڑتے چلے جاتے ہیں کہ "این آر او" نہیں دیا جائے گا۔ گویا کوئی مقدمہ واپس نہیں ہوگا، کسی احتسابی کارروائی میں لگائے جانے والے الزامات کا جائزہ نہیں لیا جائے گا، کسی شخص کو ماورائے عدالت ریلیف نہیں دیا جائے گا۔ ان کے نزدیک انصاف کا تقاضہ یہی ہے، طاقتوروں کو شکنجے میں جکڑ کر ہی معاشرے آگے بڑھ سکتے اور توانا ہو سکتے ہیں۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ آئین کے اندر ہی یہ بات درج ہے کہ صدر مملکت کسی بھی شخص کے خلاف کوئی مقدمہ یا کارروائی ختم کر سکتے ہیں، اور کسی بھی سزا کو معاف کر سکتے ہیں۔ ایسا مقدمے کی سماعت کے دوران بھی ہو سکتا ہے، اور بعد میں بھی ممکن ہے۔ جناب صدر کا یہ اختیار صوابدیدی نہیں، انہیں اس حوالے سے وزیراعظم کے مشورے پر عمل کرنا ہوتا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ آئین بنانے والوں نے اس بات کو تسلیم کر رکھا ہے کہ بعض اوقات کسی عدالتی کارروائی یا فیصلے کو کالعدم قرار دینا ہی وسیع تر مفاد کا تقاضہ قرار پاتا ہے۔ اگر اس نکتے کو مدنظر رکھا جاتا تو این آر او کے خلاف مہم جوئی مدھم پڑ جاتی، اور اسے گالی بنانے سے احتراز کیا جاتا لیکن وزیراعظم عمران خان نے اپنا سیاسی مفاد اسی میں سمجھا، اور اس ہی پر کاربند رہنے کا عزم دہراتے رہے۔ لیکن اب انہوں نے تحریک طالبان پاکستان کے حوالے سے ارشاد فرمایا ہے کہ اس کو معافی دی جا سکتی ہے۔ اگر اس کے مختلف گروپ ہتھیار ڈال دیں تو وہ عام شہری کے طور پر آزادانہ زندگی گذار سکتے ہیں، وزیراعظم نے ایک ترک ٹیلی ویژن کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا ہے کہ افغان طالبان کی وساطت سے پاکستانی طالبان کے مختلف گروپوں سے مذاکرات جاری ہیں، اور افغان طالبان اس میں ثالث کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے یہ یقین ظاہر کرنے سے گریز کیا کہ معاملات طے پا جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ نتیجے کے بارے میں فی الحال کچھ نہیں کہہ سکتے لیکن کوشش جاری ہے۔ اس پر مختلف سیاسی رہنماؤں اور سوشل میڈیا صارفین کی طرف سے شدید احتجاج کیا جا رہا ہے۔ اسے وزیراعظم کا تازہ یو ٹرن قرار دے کر پوچھا جا رہا ہے کہ ہزاروں پاکستانیوں کے قاتلوں کو کیسے معاف کیا جا سکتا ہے؟ معصوم طلبہ کے خون سے ہاتھ رنگنے والے کیسے کسی رعایت کے مستحق ہو سکتے ہیں؟......وزیراعظم کو ان کے سکوں میں جواب دینے والے جواب طلب کر رہے ہیں کہ اگر پاکستانی طالبان کو "این آر او" دیا جا سکتا ہے تو سیاسی حریفوں کے معاملات پر کھلے دل سے غور کیوں نہیں کیا جا سکتا؟ نیب زدگان کی فریاد کیوں نہیں سنی جا سکتی؟

وزیراعظم اور ان کے رفقا تو اس کا جو بھی جواب دیں، اپنے حق میں جو بھی دلیل لائیں، اپنی کشادہ دلی کا جو بھی اعلان کریں، اس سب سے قطع نظر تاریخ اور عالمی سیاست پر نظر رکھنے والے یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہوں گے کہ دانائی اور حکمت کا تقاضہ یہی ہے کہ پاکستانی طالبان کے ساتھ مذاکرات کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے، ماضی میں الجھ کر مستقبل کو کھونا نہ کیا جائے۔ پاکستان کو امن کا گہوارہ بنانے کے لیے گذشتہ سازشوں، اور فرو گذاشتوں کو نظر انداز کر دیا جائے۔ امریکہ اگر اپنے ساتھ برسر پیکار طالبان کے ساتھ معاہدہ کر سکتا ہے، اور افغان طالبان اگر اپنے خلاف برسر پیکار لوگوں کو معاف کر سکتے ہیں۔

خود پاکستان اگر بلوچستان کے ہتھیار بندوں کو کئی بار معافی دے سکتا ہے، وزیراعظم نواز شریف کے دور میں ساری سیاسی جماعتیں اور فوجی قیادت مل کر پاکستانی طالبان سے مذاکرات کا فیصلہ کر سکتی ہیں، تو اب وطن عزیز میں خون کی ندیوں کو خشک کرنے کے لئے اقدام کیوں نہیں ہو سکتا؟ وزیراعظم کو پارلیمنٹ کو اعتماد میں لے کر اپنی کوشش جاری رکھنی چاہیے۔ اس سے ہرگز ہرگز پیچھے نہیں ہٹنا چاہیے، لیکن وسعت قلبی کا یہ مظاہرہ ان لوگوں کے ساتھ بھی ہونا چاہیے جو آئین اور قانون کے تحت اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہیں محض اس لیے کالے قوانین اور کالے ہتھکنڈوں کا نشانہ نہیں بنانا چاہیے کہ وہ وزیراعظم یا برسر اقتدار جماعت کے سیاسی حریف ہیں۔ ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں، اور حکومت سے اختلاف کرنے والوں کے لیے الگ الگ پیمانے نہ ریاست کے مفاد میں ہوں گے، نہ حکومت کے مفاد میں۔

نون لیگ میں ناچاقی، نون لیگ کی چالاکی

حامد ولید

شہباز شریف، مریم نواز اور حمزہ شہباز کو لے کر نون لیگ مخالف حلقے خوب ڈھول اڑانے میں مصروف ہیں۔ اس سے قبل جب نواز شریف وزیراعظم تھے تو ان کے اور شہباز شریف کے درمیان بھی ایسی ہی ناچاقیوں کی خبریں اڑائی جاتی تھیں۔ تب بھی لوگ کہتے تھے اور اب بھی کہتے ہیں کہ اقتدار کی بھوک ہر رشتے اور ہر تعلق کو بھلا دیتی ہے، اس سلسلے میں بعض ایک لوگ بادشاہ اورنگ زیب کی مثال بھی دیتے ہیں کہ کس طرح اقتدار کے لئے تب کون کون سے کھیل کھیلے گئے تھے۔

تاہم شہباز شریف کا معاملہ اس لئے مختلف ہے کہ وہ محض اقتدار کی خاطر اپنے بھائی اور بھتیجی کے مخالف نہیں بتائے جاتے بلکہ ان کی ایک خوبی یہ بھی بیان کی جاتی ہے کہ وہ مقتدرہ کو قابل قبول ہیں۔ مگر مصیبت یہ ہے کہ ان کے مقابلے میں پہلے نواز شریف اور اب مریم نواز عوام میں مقبول ہیں۔ البتہ شہباز شریف کی صرف ایک یہی خوبی نہیں ہے کہ وہ مفاہمت کے حامی ہیں (شکر ہے کہ ابھی ان کی شہرت آصف زرداری کی طرح مفاہمت کے بادشاہ ایسی نہیں ہے) بلکہ اس کے ساتھ ساتھ وہ ایک بہترین منتظم بھی ہیں اور پنجاب میں ان کے کام منہ سے بولتے ہیں۔ اس لئے وہ محض اس لئے شہباز شریف نہیں ہیں کہ وہ نواز شریف کے بھائی اور مریم نواز کے چچا ہیں بلکہ ان کی گڈ گورننس کے حوالے سے ان کی ایک الگ پہچان ہے جس کی بنا پر سمجھا جاتا ہے کہ اگر انہیں وزیراعظم بننے کا موقع ملے تو وہ پاکستان میں ترقی کے نئے سوتے کھول سکتے ہیں۔

میدان سیاست میں کیونکر عوامی مقبولیت کے بغیر آپ کی کوئی خوبی، خوبی نہیں رہتی جس طرح دفاتر میں افسر کی خوشنودی کے بغیر ماتحت کی کارکردگی کوئی کارکردگی نہیں ہوتی ہے۔ چنانچہ ان دو محاذوں پر کامیابی کا تقاضا کچھ اور ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں مریم نواز نے بالکل درست کہا ہے کہ قوم میں شعور بیدار کرنا ہی لیڈر کے بیانئے کی جیت ہوتا ہے، نواز شریف نے قوم کو بتا دیا ہے کہ عوام کے حقوق کیا ہیں۔ تاہم اس سے بھی زیادہ دلچسپ بات انہوں نے یہ کہی ہے کہ کہا جاتا ہے کہ نون لیگ مفاہمت اور مزاحمت کے مخمصے کا شکار ہے، بیانئے پر تنقید اس لئے ہوتی ہے کہ یہ صرف نون لیگ کے پاس ہے، ہمارا یہ بیانیہ اور نظریہ نہیں ہے کہ صوبے کی حکومت بچانے کے لئے مار کھاتے رہیں۔ سب سے بڑھ کر مریم کا یہ بیان کہ نواز شریف اور نون لیگ کی طاقت کا ادراک مخالفین کو تو ہے مگر ہمیں نہیں، نون لیگ میں آج کچھ ایسے لوگ ہیں جو ہم سے اور ہم ان سے ڈرتے ہیں۔ چنانچہ شہباز شریف کا المیہ یہ ہے کہ ان کو ایک کرسی اور میز چاہئے جس پر بیٹھ کر وہ حکم چلا سکیں جبکہ نواز شریف کو عوام چاہئیں جن کو وہ اپنی واسکٹیں بھی اتار کر پہناتے چلے جائیں۔

خواجہ آصف جب کہتے ہیں کہ نون لیگ میں جھگڑا کارکنوں کا نہیں بلکہ قیادتوں کا ہے تو یہ کوئی انوکھی بات نہیں ہے۔ سیاسی جماعتوں کی ورکنگ کو سمجھنے والے اس بات سے خوب آگاہ ہیں کہ ایک سیاسی جماعت میں عہدوں کے حصول کے لئے ہمیشہ تگ و دو رہتی ہے اور کامیاب لیڈر وہ ہوتا ہے جو ان عہدوں کے متمنی کارکنوں میں ایک توازن کو یقینی بنائے رکھتا ہے۔ چنانچہ نون لیگ کی سب سے بڑی کامیابی یہی ہے کہ اس کا کارکن اور اس کے ووٹر سپورٹر پورے زور کے ساتھ نواز شریف اور پارٹی کے پیچھے کھڑے ہیں۔ یہی وہ قوت ہے جو نواز شریف کو نواز شریف اور نون لیگ کو نون لیگ بنائے ہوئے ہے۔ ان کے بیچ اگر شہباز شریف کوئی علیحدہ سیاسی ساز چھیڑتے نظر آتے ہیں تو ان کی مثال بھی ان کارکنوں کی ہے جو عہدوں کی تگ و دو میں ایک دوسرے سے بازی لے جانے کی دوڑ میں رہتے ہیں لیکن شہباز شریف جانتے ہیں کہ ان کی عوامی مقبولیت تو اتنی بھی نہیں ہے جتنی عمران خان کی ہے۔ عمران خان تو پھر بتیس تینتیس نشستیں جیت کر قومی اسمبلی میں آ بیٹھے تھے لیکن شہباز شریف اپنے بل بوتے پر تو شائد اپنی نشست بھی نہ نکال سکیں۔ یہی وجہ ہے کہ بار بار لانچ کئے جانے کے باوجود ان کی مقبولیت کا جہاز رن وے پر ہی پھٹ پھٹ کرنا شروع کر دیتا ہے اور پھر پارٹی کی مقبولیت کو سہارا دینے کیلئے نواز شریف کو آگے آنا پڑتا ہے۔ ایسا ہی ایک تجربہ 2013 کے انتخابات میں بھی کیا گیا تھا کہ عوامی جلسوں سے خطاب کے لئے شہباز شریف کو آگے کیا گیا تھا اور پھر چشم فلک نے دیکھا کہ لاہور میں سرکلر روڈ پر ہونے والا جلسہ خالی کرسیوں سے سجا ہوا تھا۔ اس کے بعد فیصل آباد میں منعقد ہونے والے جلسے میں دوبارہ سے نواز شریف کو جلوہ افروز ہونا پڑا اور چودھری نثار مائیک پر کہتے ہوئے پائے گئے تھے کہ مخالفین دیکھ لیں کہ نہ صرف جلسہ گاہ کے اندر بلکہ جلسہ گاہ کے باہر بھی لوگ ہی لوگ موجود ہیں۔

نون لیگ کی ایک اور بڑی کامیابی یہ ہے کہ اس کی قیادت کو اچھی طرح ادراک ہے کہ پارٹی کے اندر کون سے ایسے لوگ ہیں جو قیادت سے ڈرتے ہیں اور قیادت ان سے ڈرتی ہے۔ یہ لوگ یقینی طور پر شریف فیملی کے تو نہیں ہو سکتے، کیونکہ شریف فیملی تو ایک دوسرے کے کہنے میں ہے مگر دیگر کچھ ایسے گھس بیٹھے ہو سکتے ہیں جو بیرونی قوتوں کے زیر اثر پارٹی فیصلوں پر نظر انداز ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان میں سے کچھ تو 2018 کے انتخابات کے موقع پر جیپ والے ہو گئے تھے اور کچھ ایسے ہیں جو اگرچہ شیر کے شکار پر الیکشن لڑتے ہیں مگر ان کے دل جیپ والوں کے ساتھ ہیں۔ تاہم چونکہ ایسے لوگ ہر پارٹی میں ہوتے ہیں اس لئے نون لیگ نے اپنی ناچاقی کو چالاکی میں بدل لیا ہے اور سیلاب کے پانی کی طرح زمین کو چیرتی ہوئی آگے بڑھتی جارہی ہے۔

متبادل

ڈاکٹر جاوید ملک

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں اضافہ ایک مشکل فیصلہ ہے، لیکن اس کی وجہ عالمی منڈی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ پاکستان میں اضافہ عالمی منڈی کے مقابلہ میں کم کیا گیا ہے۔ آج بھی اکثر ممالک سے پاکستان میں تیل کی قیمت کم ہے۔ جناب حماد اظہر کے کہنے اس تازہ ترین ٹویٹ پر لندن بیٹھے پی ٹی آئی کے سپورٹر میرے کلاس فیلوز کا شدید ردعمل آیا کہ جناب پاکستانیوں کی آمدن بھی بیرون ملک کے رہائشیوں کی طرح کر دیں پھر جناب عمران خان اور وزرا کرام بیرون ملک بڑھتی مہنگائی کے تقابلی ٹویٹ کریں، کسی کو برا محسوس نہیں ہوگا۔

حالت یہ ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہ میں ہر مرکز تین سال بعد معمولی اضافہ کیا گیا اور تو اور کروڑوں نوکریاں اور لاکھوں گھر بنانے کے دعویداروں نے نئی نوکریاں دینے کے بجائے پکی نوکری والے 17000 افراد کی فراغت پر لڈیاں ڈالیں کہ خس کم جہاں پاک، صرف اسی پر ہی اکتفا نہیں کیا جا رہا، پی ٹی آئی کے جادوگر سرکاری ملازمین کی پنشن ختم کرنے کی لوریاں سنا رہے ہیں، اس سارے جھمیلے میں پی ٹی آئی کو سب سے زیادہ ووٹ دینے والی مڈل اور لوئر مڈل کلاس کی تو جیسے قُل خوانی ہو گئی۔ اخبارات، الیکٹرانک و سوشل میڈیا چیخ رہا ہے کہ پی ٹی آئی کے حامی بھی چیخ اٹھے کہ ہم کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہے اور نہ ہی ہم حکومتی نااہلی کا دفاع کر سکتے ہیں، مہنگائی کے سونامی کو کنٹرول کریں یہ پی ٹی آئی کو ہڑپ کر جائے گی۔ جناب عمران خان ملکی تاریخ کی بدترین مہنگائی کو سابق حکمرانوں کی کرپشن سے جوڑ کر بری الذمہ ہو رہے ہیں۔

وزیراعظم اپنی ہر تقریر میں چوروں کو نہیں چھوڑوں گا، این آر او نہیں دوں گا کے رٹے رٹائے جملے بولنے کے علاوہ کچھ نہیں کہتے، ستم ظریفی کی انتہا، گھر کی بات گھر میں رہنے دینے کے بجائے، عالمی میڈیا میں جناب نواز شریف اور جناب زرداری کو چور ثابت کرنے پر تلے ہوئے۔ جناب عمران خان کی تین سالہ کارکردگی پر ہر شخص ہی بات کر رہا ہے کہ اربوں ڈالر آئے وہ کہاں گئے؟ قرضہ ہے کہ بڑھتا جا رہا ہے، کوئی بڑا ترقیاتی منصوبہ نظر نہیں آ رہا، ہاں تقریروں سے عوام کا پیٹ بھرا جا رہا ہے۔ اس سارے کھیڑے میں سب سے مطمئن شخص جناب عمران خان، ان کی پارٹی پر گرفت صفر، اصغر، ہر ممبر احسان جتلا کر پارٹی پر بھاری بھرکم بوجھ بنا ہوا ہے، بلیک میلر ٹولہ الگ سے پارٹی پر آکو، اردگرد چوری کھانے والے میاں مٹھو، امریکی شہریت کے مالک، وقت آنے پر موسمی پرندے کی طرح اڑ کر اپنے دیس چلے جائیں گے، پارٹی بدل کر لوٹا کہلوانا جن کا طرہ امتیاز ہے، نچلی سطح پر پارٹی کی تنظیم سازی سے کسی کو سروکار نہیں، چاروں طرف ماشیوں، پالشیوں کی فوج ظفر موج ہے۔ لطیفہ گوئی، مدح سرائی، ٹویٹر پر کپتان کی تعریفوں کے پل باندھنا، نوکری برقرار رکھنے کا سرٹیفکیٹ اُنہی کے پاس ہے۔

اس کے برعکس حکومت کی نیک نامی، اچھی شہرت، آئینہ دکھانے والے مخلصین کو دشمن نمبر 1، اپوزیشن کا ایجنٹ قرار دینا پی ٹی آئی مشیران کا اصل کام یہی ہے۔ ان کے دیئے گئے مشورہ جات پر شعبہ صحت میڈیکل کالجز میں داخلہ کے لئے انٹری ٹیسٹ ایم ڈی کیٹ ٹھیکے پر دینا، پی ایم سی کا ایم بی بی ایس کے بعد این ایل ای امتحان، سرکاری ہسپتالوں میں ایم ٹی آئی ایکٹ کے نامعقول فیصلے کرنا ہے۔..........پنجاب میں ڈینگی کے سیزن سے پہلے سپرے نہ کرنا، سرویلنس ٹیموں کا لاروا کی تلاش میں شکاریوں کی طرح ہر گلی محلے میں نہ پھرنا اور وزیر صحت پنجاب کی طرف سے سی ایم کو سب اچھا کی رپورٹ دینا، کورونا اور ویکسین بارے عوام الناس کو آگاہی فراہم نہ کرنا، وزرا کا فوٹو سیشن کے بعد ٹویٹر پر واویلا کرنا، پی ٹی آئی حکومت کی بدنامی کا باعث بن رہا ہے۔

جناب عمران خان کا عوامی مسائل و مہنگائی سے دور دور کا واسطہ نہیں، آج کل سوشل میڈیا پر ان کی پرانی تقاریر چلا چلا کر بھد اڑائی جا رہی ہے، ان کا اس سے کوئی لینا دینا نہیں، وہ عالمی لیول پر صف اول کے لیڈر بننے کے لئے سرگرداں ہیں، افغانستان کے حوالہ سے امریکیوں کو موٹیویشنل سپیکر کی طرح لیکچر دینا ان کا فرض اولین بن گیا، حضرت کی انتہا، ایف اے ٹی ایف، آئی ایم ایف، 20 امریکی سینٹرز کی پاکستان مخالف لٹکتی تلوار کے باوجود کپتان سپر پاور امریکہ کے خلاف جارحانہ انداز اپنائے ارتغرل غازی بنتے جا رہے ہیں۔ اسی بنا پر ہوا کے دوش پر سفر کرتے جناب عمران خان کو 4.14 ملین ٹویٹر فالورز، صحت انصاف کارڈ، احساس پروگرام، پناہ گاہوں اور اوورسیز پاکستانیوں کے ووٹوں سے اگلے پانچ سال کے لئے اپنی حکومت پکی ہونے کا یقین ہو چکا ہے اور ان کے بقول ان کا کوئی متبادل بھی نہیں جبھی تو آئے روز پٹرول، بجلی، گیس، آٹا، چینی، گھی کے بم گرا کر عوام کا ستیاناس کرنا ان کا انتخابی نشان بن چکا ہے۔

خاکسار نے جناب عمران خان کی صادق و امین کی فلاسفی، باقی سب چور اور میرا کوئی متبادل نہیں کا ذکر امریکہ میں مقیم پی ٹی آئی لور سے کیا تو انہوں نے بڑا خوبصورت جواب دیا کہ ملک پاکستان میں ہر گلی محلہ میں جناب عمران خان کا متبادل پھر رہا ہے، وہ آنکھیں کھولیں، قصیدہ گو، طبلچیوں سے جان چھڑائیں، خوش قسمتی میں لکھے گئے اس اسٹامپ پیپر کے چنگل سے آزادی پائیں کہ کپتان ہی ٹھوک کر مہنگائی کریں، ڈالر 200 روپے تک جانے دیں، میڈیا کا خوب گلا دبائیں، روزانہ نیا تماشا لگائیں، آپ بے فکری کی نیند سوئیں، اگلے الیکشن میں آپ ہی قائد اقتدار ہوں گے۔

شال بقیہ 1

سرفراز بگٹی، نصیب اللہ بازئی، عبدالقادر، بلوچستان عوامی پارٹی کے چیف آرگنائزر رکن صوبائی اسمبلی میر جان محمد جمالی کے ہمراہ اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو کی رہائشگاہ پر گئے جہاں انہوں نے میر عبدالقدوس بزنجو سے ان کے چچا کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی، چیئرمین سینیٹ کی قیادت میں وفد نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی سے صوبے میں جاری سیاسی بحران اور صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور ان کے تحفظات کو سنا تاہم ملاقات بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوگئی۔ بلوچستان عوامی پارٹی اور ناراض اتحادی ارکان کا اسپیکر چیمبر میں اجلاس سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، تفصیلات کے مطابق اتوار کو بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر چیمبر میں بلوچستان عوامی پارٹی اور ناراض اتحادی ارکان کا اجلاس ہوا جس میں سیاسی صورتحال اور آئندہ کی حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ناراض ارکان اور اتحادیوں نے اپنے موقف پر قائم رہنے کے عزم کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 2

گا۔ کچھ افراد دوریاں اور اختلافات پیدا کرنا چاہتے تھے اور چاہتے تھے کہ ہم ایک دوسرے پر عدم اعتماد ظاہر کریں، لیکن الحمدللہ ہم سب نے ایک دوسرے کے لیے بڑی ذمہ داری اور احترام کا مظاہرہ کیا ہے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی ملک کی سب

تلاش گمشدگی

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54102-2998048-9 بنام محمد عبداللہ ولد محمد اشرف کہیں گم ہوگیا ہے جس کو ملے اس نمبر 0343-3003142 پر اطلاع دیں۔

RO,NO/9

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer (Roads), Communication Department District Dera Bugti invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2018, G.O.B. amended up-to-date from interested contractors / firms for the work listed below: Earnest Money 2%, Tender fee Rs.5000/- and Time Limit 30-06-2023 for the work.

S.No	Name of Work	Estimated Cost
1.	Const: of Black Top Road from Dera Bugti to Kashmore via Looti (14 Km) District Dera Bugti under PSDP No. 635/Z2021.1382 (2021-2022). (TS189119E)	Rs.247.529 (M)

The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014. ***BASIC ELIGIBILITY:*** The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council 2021 in relevant Category Wise in relevant discipline and registration with tax authorities i.e. (BRA, NTN and Sales Tax Department), where applicable. Three Years Relevant Work Experience. Financial Turn-over of last three years.. One similar projects, under taken in the past three (03) years. Income Tax return / Audit Report for last three (03) years. Requirement of Manpower and Equipment must provide with documents. Affidavit that firm has never been blacklisted. ***METHOD OF PROCUREMENT:*** Single stage – Two envelope Bidding Procedure. ***BIDDING / TENDER DOCUMENTS:*** Issuance: The contractors/firms having valid registration with PEC in aforementioned category in relevant discipline can obtain the bidding documents from the address mentioned below on production of green challan form for an amount of Rs: 5,000/-, (nonrefundable) deposited in the head of account C-02716 through Government Treasury/National bank of Pakistan, Dera Bugti or can be downloaded from website of BPPRA, from the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. The contractors/firms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee. The documents if requested by mail will be promptly dispatched by registered mail for which cost of mail will be borne by the applicant, however, under no circumstances the Procuring Agency will be held responsible for late delivery or loss of the documents so mailed. Earnest Money as mentioned above should be submitted in the form of bank guarantee or Deposit at Call from a scheduled Bank. ***Dead line of Submission:*** The Bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **19th October, 2021** at 12:00 Hrs. ***Opening:*** The Technical Bids document will be opened on **19th October, 2021** at 13:00 Hrs, before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives / agents. Second envelope containing financial bids of technically qualified bidders will be opened; the date and time will be communicated after evaluation of technical bids. The bidders providing unsubstantiated and /or incorrect information shall be liable to disqualification and /or legal action. Bid validity period (90 days). ***Place of issuance and submission will be:-*** Address: Office of the Executive Engineer (Roads), Communication Department District Dera Bugti. Telephone No :0835410162, Fax No : 0835410562. G-mail Address : Mohammadejaz23821@gmail.com

PRQ NO.1063/03.10.2021

EXECVUTIVE ENGINEER (ROADS)
COMMUNICATION DEPARTMENT
DISTRICT DERA BUGTI.

پی ایم سی آن لائن میڈیکل ٹیسٹ بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج

آئینی درخواست کی سماعت 14 کتوبر کو بلوچستان ہائی کورٹ میں ہوگی

درخواست گزار بلوچستان حکومت کی اس حوالے سے کی گئی اعلیٰ سطحی کمیٹی کا حوالہ دیا ہے جس نے ایک مفصل رپورٹ جمع کروائی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پی ایم سی آن لائن میڈیکل ٹیسٹ کو بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ گزشتہ روز بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس جناب جسٹس عبدالحمید بلوچ پر مشتمل بینچ نے درخواست کو سماعت کیلئے منظور کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کر دیے۔ آئینی درخواست کی سماعت 14 کتوبر کو بلوچستان ہائی کورٹ میں ہوگی۔ گزشتہ روز درخواست گزار باچا خان غروی کی جانب سے پاکستان میڈیکل کمیشن کے آن لائن میڈیکل ٹیسٹ میں ہونے والی بے ضابطگیوں کے خلاف وفاقی سیکریٹری صحت، پاکستان میڈیکل کمیشن و دیگر کو فریق بناتے ہوئے بلوچستان ہائی کورٹ میں آئینی درخواست دائر کر دی ہے۔ درخواست گزار نے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: سیکرٹری تعلیم محمد حیات خان کاکڑ آل کوئٹہ گرلز بوائز اسکولز کے تھرو بال ٹورنامنٹ کے اختتامی تقریب کے موقع پر انعامات تقسیم کر رہے ہیں

ڈرین اور برساتی نالوں کی صفائی کو یقینی بنایا جائے، عبدالکبیر خان زرکون

اس سلسلے میں تمام متعلقہ مشینری کو فنکشنل رکھا جائے، ڈپٹی کمشنر گوادر

گوادر (این این آئی) ضلع گوادر میں حالیہ طوفانی بارشوں کے بعد شہر کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی کمشنر گوادر میجر ریٹائرڈ عبدالکبیر خان زرکون نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا وہاں پر میونسپل افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا ہے کہ ڈرین اور برساتی نالوں کی صفائی کو یقینی بنایا جائے اور اس سلسلے میں تمام متعلقہ مشینری کو فنکشنل رکھا جائے اور جہاں کہیں بھی مشینری کی ضرورت ہو وہاں پر فوری بھجوائی جائے اس موقع پر انہوں نے ضلع بھر کے تمام بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

محکمہ ایریگیشن حکام نے کرپشن کی انتہا کردی، میر شاہ اللہ خان کھوسہ

میر حسن کے مقام پر مین پل کے نو گیٹ ہیں لیکن چھ گیٹ ناکارہ اور تین گیٹ پر پانی کا سلسلہ چل رہا ہے

ماجھی پور (نامہ نگار) سابق ڈسٹرکٹ اٹارنی جنرل میر شاہ اللہ خان کھوسہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ ایریگیشن حکام نے کرپشن کی انتہا کردی میر حسن کے مقام پر مین پل کے نو گیٹ ہیں لیکن چھ گیٹ ناکارہ اور تین گیٹ پر پانی کا سلسلہ چل رہا ہے۔ جو کہ ناکافی ہیں گزشتہ رات کمالانی کے مقام پر پٹ سے پانی کے زور سے شگاف پڑ گیا۔ لیکن ایریگیشن حکام کو جوں تک نہیں رینگتی۔ ہر سال ان گیٹ اور بڑی بڑی شاخوں کی بھل صفائی بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

مکران کوسٹل ہائی وے پر لیاری تھانے کی حدود میں کراچی سے گوادر جانے والی مسافر کوچ الٹ گئی

اوتھل (نامہ نگار) مکران کوسٹل ہائی وے پر لیاری تھانے کی حدود میں کراچی سے گوادر جانے والی مسافر کوچ الٹ گئی جس کے نتیجے میں 6 خواتین سمیت 17 مسافر زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق مکران کوسٹل بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

مکران کے صارفین کے لئے 08 اکتوبر (بروز جمعہ) کو کھلی کچہری گوادر میں منعقد ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد عارف کی صدارت میں مکران ڈویژن کے صارفین کی بجلی سے متعلق شکایات کے ازالے کے لئے 08 اکتوبر 2021 (بروز جمعہ) صبح 10 بجے سے دن 12 بجے تک ایکسین گوادر کے دفتر میں کھلی کچہری منعقد ہوگا۔ لہٰذا تمام مکران ڈویژن کے تمام صارفین 08 اکتوبر 2021 بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

ساہیوال، گھریلو تنازعات پر تین خواتین اور ایک نوجوان نے خودکشی کرلی

ساہیوال (این این آئی) ضلع ساہیوال میں گھریلو تنازعات پر زہر کھا کر تین خواتین اور ایک نوجوان نے خودکشی کر لی جس کے نتیجے میں چاروں جاں بحق ہو گئے۔ اوکاڑہ سے مہمان آئی ہوئی لیاقت کی 30 سالہ بیوی پروین اور طارق کی 35 سالہ بیوی فرزانہ نے کالا پتھر زہر پی کر خودکشی کر لی۔ چک آبادی بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ پشین میں زیر تعمیر سپورٹس کمپلیکس کا معائنہ کر رہے ہیں

پاکستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن طلبا و طالبات کی فلاح و بہبود کیلئے دن رات کوشاں ہے، سیکرٹری تعلیم

موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے تھرو بال کا یہ ٹورنامنٹ بہت معنی رکھتا ہے

نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیاں بھی اہمیت کی حامل ہیں، محمد حیات خان کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری تعلیم محمد حیات خان کاکڑ نے کہا ہے کہ موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے تھرو بال کا یہ ٹورنامنٹ بہت معنی رکھتا ہے پاکستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن طلباء و طالبات کی فلاح و بہبود کے لئے دن رات کوشاں ہے اور اب انہوں نے محکمہ تعلیم اور تھرو بال ایسوسی ایشن بلوچستان کے ساتھ مل کر اس ٹورنامنٹ کا انعقاد کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ حالات چاہے جیسے بھی ہوں اگر آپ خلوص نیت سے کوئی کام کرنا چاہتے ہیں تو کوئی رکاوٹ آپکا راستہ بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

سیکورٹی فورسز پر حملوں میں ملوث دہشت گرد انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں، حمزہ خان ناصر

ایسے اوچھے ہتھکنڈوں سے دہشت گرد پاک فوج اور سیکورٹی فورسز کے حوصلوں کو پست نہیں کر سکتے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنما حمزہ خان ناصر نے شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کے حملے میں 5 سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز پر حملوں میں ملوث دہشت گرد انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے دینے والے سیکورٹی فورسز کے اہلکار ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں جن کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

عوام کی خدمت کرنا ہی میری زندگی کا اہم مقصد ہے، عرض محمد بڑیچ

ہر ایک کی زندگی میں کوئی نہ کوئی مقصد ہوتا ہے، اسی کے تحت ہر انسان اپنی منزل کی طرف بڑھتا ہے

توکنڈی (پ ر) ممتاز قبائلی شخصیت مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سینئر نائب صدر توکنڈی سٹی کے سابق ناظم میر حاجی عرض محمد بڑیچ نے اپنے رہنگاہ پر ایک وفد سے بات کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی خدمت کرنا ہی میری زندگی کا اہم مقصد ہے اور اس سے میں کبھی بھی دستبردار نہیں ہو سکتا انہوں نے کہا کہ ہر ایک کی زندگی میں کوئی نہ کوئی مقصد ہوتا ہے، اسی کے تحت ہر انسان اپنی منزل کی طرف بڑھتا ہے، میرا بھی سب سے اہم مقصد عوام کی خدمت انجام دینا بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

پولیس لوگوں کی جان و مال کے تحفظ کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، قاسم علی گاجزئی

بلوچستان کے علاقے خصوصاً مکران کے پرامن ماحول کو جان بوجھ کر خراب کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین قاسم علی گاجزئی، چیئرمین ایگزیکٹیو کمیٹی ایوب ترین ممبران بار کونسل راحب خان بلیدی ایڈووکیٹ اور امان اللہ کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں کیچ کے علاقے بلیدہ میں پولیس انتظامیہ کی جانب سے چادر اور چار دیواری کی پامالی اور فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پولیس انتظامیہ کی جانب سے بلیدہ میں چھاپہ کے دوران فائرنگ اور کمسن بچے کی شہادت اور ایک معصوم بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی کی بلوچستان میں نئے کوڈینیٹر رکھے ہیں، میر چنگیز خان جمالی

انشاءاللہ پارٹی بلوچستان میں بھرپور انداز سے بڑھ رہی ہے، سابق وفاقی وزیر

اوستہ محمد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر و سابق وفاقی وزیر میر چنگیز خان جمالی نے گزشتہ روز سینئر صحافی علی مردان جمالی کے بڑے بھائی، فیصل جمالی اور ناصر جمالی کے والد امیر علی جمالی مرحوم کی وفات پر ان سے تعزیت کی اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی بلوچستان میں نئے کوڈینیٹر رکھے ہیں اور انشاءاللہ پارٹی بلوچستان میں بھرپور انداز سے بڑھ رہی ہے کیونکہ ملک میں مہنگائی نے عوام کو بے زار کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

روہڑی تا کراچی مہران ٹور ڈی سائیکلنگ ریس کا افتتاح آج ہوگا

سکھر ریجن کے 12 سے زائد نامور سائیکلسٹ حصہ لیں گے

روہڑی (نامہ نگار) روہڑی تا کراچی مہران ٹور ڈی سائیکلنگ ریس کا افتتاح آج ہوگا سکھر ریجن کے 12 سے زائد نامور سائیکلسٹ حصہ لیں گے، افتتاحی تقریب کے مہمان خاص اے سی روہڑی ناصر احمد عباسی ہوں گے، تیاریاں مکمل کر لی گئیں ہیں، سیکریٹری ریجنل اولمپکس اسپورٹس کمیٹی اسفند یار منگی کی تفصیلات کے مطابق سندھ سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام اور ریجنل اولمپکس اسپورٹس کمیٹی سکھر کے تعاون سے روہڑی تا کراچی مہران ٹور ڈی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے 6 اضلاع سے کورونا کے 24 نئے کیسز رپورٹ

صوبے میں کورونا وائرس کا شکار ہونے والے 11 افراد صحت یاب ہو گئے جس کے بعد اب تک صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 31494 ہوگئی

صوبے میں کورونا وائرس کے 3 مریض ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں جن میں سے 2 کو ہائی آکسیجن فلو پر رکھا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے 6 اضلاع سے کورونا وائرس کے 24 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد متاثرہ افراد کی 32010 ہوگئی ہے۔ محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق ہفتہ کو بلوچستان کے 6 اضلاع سے 24 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد اب تک مجموعی طور پر متاثرہ افراد کی تعداد 32010 ہوگئی رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس کا شکار ہونے والے 11 افراد صحت یاب ہو گئے جس کے بعد اب تک صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 31494 ہوگئی جبکہ صوبے میں کورونا وائرس کے فعال مریضوں کی تعداد 167 ہے رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس کے 3 مریض ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں جن میں سے 2 کو ہائی آکسیجن فلو پر رکھا گیا بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالقدوس بزنجو کے چچا کے وفات پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ سردار مسعود خان لونی تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

اسلام رواداری، امن و سلامتی اور احترام انسانیت کا دین ہے، حافظ محمد صدیق مدنی

اسلامی ریاست میں مملکت کے تمام باشندے خواہ وہ کسی بھی مذہب کے پیروکار ہوں

چمن (آن لائن) جمعیت علماء اسلام حلقہ یونین کونسل چمن کے نائب امیر اور نیشنل یوتھ اسمبلی پاکستان کے ممبر مولوی حافظ محمد صدیق مدنی نے الجامعۃ الاسلامیہ صدیقیہ چمن کے طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام رواداری، امن و سلامتی اور احترام انسانیت کا دین ہے، اسلامی شریعت اور اسلامی ضابطہ حیات کے مطابق اسلامی معاشرے کا ہر فرد بلاتفریق مذہب و ملت عزت و مساوات اور بنیادی انسانی حقوق کے حوالے سے یکساں حیثیت کا حامل ہے۔ اسلامی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع صحبت پور کے زیر اہتمام تعزیتی ریفرنس

صحبت پور (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع صحبت پور کے زیر اہتمام تعزیتی ریفرنس بابائے بلوچستان سردار عطاء اللہ مینگل کی زیر صدارت بی این پی ضلع صحبت پور کے ضلعی صدر عبدالحمید کھوسہ کی قیادت میں منعقد ہوا جس بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی اہم اجلاس میں شرکت کیلئے اسلام آباد چلے گئے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی اہم اجلاس میں شرکت کیلئے اسلام آباد چلے گئے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی تین روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچے تھے تاہم اسلام آباد میں اہم اجلاس کی وجہ سے وہ اتوار کے روز اسلام آباد چلے گئے اجلاس میں شرکت کے بعد وہ دوبارہ کوئٹہ آئیں گے۔

سردار سربلند خان جوگیزئی سے پیپلز پارٹی ضلع پشین کے صدر شیر محمد ترین سمیت دیگر کی ملاقات

پارٹی کو بلوچستان بھر میں یونین کونسل لیول تک منظم کر رہے ہیں، سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی سے پاکستان پیپلز پارٹی ضلع پشین کے صدر شیر محمد ترین، جنرل سیکرٹری ملک شوکت کاکڑ، فنانس سیکرٹری صابر اور ضلعی رہنما عبدالوہاب بارگزئی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر ضلع پشین کے تنظیمی امور و سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی نے کہا کہ پاکستان بھر بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

گوادر: سمندری طوفان شاہین کے باعث سمندر میں پھنسی کشتی میں موجود عملے کو ریسکیو کیا جا رہا ہے

یوٹرن سے حکومت چلانے والے حکمران مکمل طور پر بے اختیار ہیں، حافظ عطاء اللہ شاہ

سراتان (آن لائن) مدینہ منورہ کا کرایہ لے کر گاڑی کا رخ اسرائیل کی طرف کرنے والے حکمران سے خیر کی توقع نہیں رکھنا، ملک و قوم کو آگ میں ڈالنے کے مترادف ہے یوٹرن سے حکومت چلانے والے حکمران مکمل طور پر بے اختیار ہیں ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام مفتی محمود یونٹ گلی زیارت بنے زئی کے امیر حافظ عطاء اللہ شاہ، جنرل سیکرٹری حاجی محمد بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

سرکاری ہسپتالوں کی نجکاری کسی صورت قابل قبول نہیں، ینگ ڈاکٹرز

ایم ٹی آئی کے کالے قانون کے تحت سرکاری ہسپتالوں کی نجکاری کا عمل کسی صورت قابل قبول نہیں ہے

او پی ڈی بائیکاٹ اس گھناؤنے عمل کیخلاف ہے غریب مریضوں کو وارڈز اور ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں سروز فراہم کر رہے ہیں، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے کہا ہے کہ ایم ٹی آئی کے کالے قانون کے تحت سرکاری ہسپتالوں کی نجکاری کا عمل کسی صورت قابل قبول نہیں ہے، او پی ڈی بائیکاٹ اس گھناؤنے عمل کیخلاف ہے غریب مریضوں کو وارڈز اور ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں سروز فراہم کر رہے ہیں، مسائل کے حل اور مطالبات کے حق میں، نا اہل سیکرٹری صحت اور خواب خرگوش میں سونے والی جام حکومت کے خلاف احتجاجی عمل کو توسیع دیکر احتجاجی ریلیاں نکالی اور دھرنے دیئے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے ترجمان ڈاکٹر کلیم اللہ کاکڑ نے یہاں اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ نا اہل سیکرٹری صحت اور ناکارہ جام حکومت نے محکمہ صحت کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کر دیا بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوہلو کے بینکوں میں اے ٹی ایم مشین خراب، ہزاروں ملازمین اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا

کوہلو (این این آئی) کوہلو میں نیشنل بینک آف پاکستان اور حبیب بینک کے اے ٹی ایم مشینیں گزشتہ کئی ہفتوں سے خراب ہیں جس کی وجہ سے ضلع کے ملازمین پیشہ افراد، کاروباری پیشے سے منسلک لوگوں سمیت ہزاروں شہریوں کو روز شدید دقت کا سامنا ہے کوہلو کے مختلف شعبوں سے منسلک لوگوں نے بتایا ہے کہ ضلع میں نیشنل بینک آف پاکستان اور حبیب بینک کے اے ٹی ایم مشینیں گزشتہ کئی ہفتوں سے خراب ہیں جس کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے بینکوں کے دروازے پر بینک کے اہلکاروں نے اے ٹی ایم مشین خراب کے نوٹس آویزاں کیے ہوئے ہیں مگر ان کو ٹھیک کرنے بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

ڈکیتی کے دوران زخمی ہونے والا ڈاکو ہسپتال میں دم توڑ گیا

نواں لاہور آگوجرہ (این این آئی) گزشتہ روز ڈکیتی کے دوران زخمی ہونے والا ڈاکو ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ تفصیلات کے مطابق سمندری روڈ پر گزشتہ روز آئرن سٹور پر ڈکیتی کے دوران فائرنگ سے زخمی ہونے والا ڈاکو منظور دلو ہسپتال میں دوران علاج دم توڑ گیا۔ ڈاکو مریدوالا کا رہائشی تھا اور پولیس کے مطابق ڈاکو منظور بین الاضلاعی گینگ کا رکن تھا۔

کشمیری ڈاکٹروں کا قابض حکام کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف احتجاج

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں ڈاکٹرز اور میڈیکل کے طلباء، میڈیکل کورسز میں آل انڈیا کوٹہ متعارف کرانے کے بھارتی حکومت کے منصوبے کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ مقامی لوگوں کا حق چھینا جا رہا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق سرکاری میڈیکل کالجوں میں آل انڈیا کوٹہ کل دستیاب انڈر گریجویٹ نشستوں میں سے 15 فیصد اور پوسٹ گریجویٹ نشستوں میں سے 50 فیصد پر مشتمل ہے۔

ہفتہ اتوار کے دن واسا ملازمین کی جانب سے پانی کی بندش کی مذمت کی ہے، قاری مہر اللہ

قلت آب کے بحران اور واسا کی ہٹ دھرمی نے عوام کی بدحال کر دیا ہے

واسا پانی کے حصول میں جان بوجھ کر مشکلات پیدا کیا جا رہا ہے، جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، سینئر نائب امیر مولانا نیاز محمد، مولانا رحمت اللہ حقانی، مولانا اللہ بخش، ستار حسان اچکزئی، محمد خان، سید منور آغا، مولانا صالح محمد نے کہا کہ ہفتہ اتوار کے دن واسا ملازمین کی جانب سے پانی کی بندش کی مذمت کی ہے حکومت ہفتہ اتوار کے روز پانی کی بندش کو ختم کر کے اور ملازمین کی اوور ٹائم کے بقایاجات فوری طور پر ادا کئے کوئٹہ کے مجبور شہریوں کے مسائل میں کمی لائی جائے۔

نیشنل ڈیموکریٹ موومنٹ کے رہنما احمد جان خان احتجاج کرنے والوں سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت کی جانب سے پنشن میں اضافہ کی گئی الاؤنس سے پنشنرز تا حال محروم ہیں، پنشنرز قلات ایسوسی ایشن

صوبائی حکومت مہنگائی کے مطابق پنشن میں اضافہ کرے شدید مہنگائی سے پنشنرز مشکلات کا شکار ہیں

قلات (این این آئی) پنشنرز قلات ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے پنشن میں اضافہ کی گئی الاؤنس سے پنشنرز تا حال محروم ہیں صوبائی حکومت مہنگائی کے مطابق پنشن میں اضافہ کرے شدید مہنگائی سے پنشنرز مشکلات کا شکار ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ اخباری بیان میں کیا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے پنشنرز کی پنشن میں اضافہ کی الاؤنس نہیں ملی ہیں

وراثت میں خواتین کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا، رفاقت علی گیلانی

پنجاب اوقاف آرگنائزیشن میں حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عمل درآمد کیا جا رہا ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے سیاسی معاون خصوصی سید رفاقت علی گیلانی نے کہا ہے کہ قرآنی افکار کا فروغ اور سیرت طیبہ کی ترویج وقت کی اہم ضرورت ہے، اسی سے فلاحی معاشرے کی تشکیل کی بنیادیں فراہم ہوں گی۔ پنجاب انسٹیٹیوٹ آف قرآن اینڈ سیرت سٹڈیز کو فعال بنانے کے لیے جملہ وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی سے ضلع موسیٰ خیل کے صدر ایم طاہر موسیٰ خیل سمیت دیگر ملاقات کر رہے ہیں

علماء دیوبند محبت و اخوت کا درس دیا کرتے ہیں، مولانا مفتی عبدالواحد بازئی

امن و امان کو اپنا فرض سمجھتے ہیں کفری سازشوں کو بے نقاب کرتے ہیں

ہمیں ایسے مشکل وقت میں اکابر علماء دیوبند اور مولانا سعید احمد شہید کے فلسفے کو اپنانا لازمی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (س) کے صوبائی قائم مقام امیر مولانا مفتی عبدالواحد بازئی، صوبائی جنرل سیکرٹری عبدالقیوم میرزئی، حاجی میر احمد خان شاہوانی، انجینئر نسیم خان محمود، مولانا جاندین حقانی، حاجی اختر شاہ مردانزئی، مولانا سید محمد طاہر شاہ اختدادہ، حافظ رحمت اللہ دمڑ، ملک گزین لہڑی، حاجی حضرت اللہ اچکزئی، ملک نعیم خان نوحصاری، مولوی عبدالوہاب مردانزئی، ملا شریف خان کاکڑ، حافظ شاہ محمد شاہ، مولوی شفیق دولتزئی، انعام الحق اور صوبائی ترجمان حافظ ورمحمد اختدادہ و دیگر نے ہماری معاشرتی زندگی میں بعض اوقات طویل عرصے تک لوگوں کو انصاف نہیں ملتا یا انصاف کی فراہمی میں بعض اوقات خلل پڑتا ہے تو انصاف کی عدم فراہمی کی وجہ سے بعض لوگ عدالتوں کے سامنے تشدد پر بھی اتر آتے ہیں ہمیں چاہیے کہ لوگوں بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

مہنگائی نے عوام کو معاشی طور پر بے حال کر دیا ہے، آغا عبدالکریم نوشیروانی

خاران کے عوام علاقے میں قیام امن کے لئے انتظامیہ، ایف سی اور پولیس کا بھرپور ساتھ دیں امن سے ترقی وابستہ ہے

صوبے کے عوام کو بی اے پی سے بہت سی امیدیں وابستہ ہیں، سینئر نائب صدر بلوچستان عوامی پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر نائب صدر اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا ہے کہ کرونا اور مہنگائی نے عوام کو معاشی طور پر بے حال کر دیا ہے تاہم شہید کے نتائج لوگ خودکشیوں پر مجبور ہو گئے ہیں خاران کے عوام علاقے میں قیام امن کے لئے انتظامیہ، ایف سی اور پولیس کا بھرپور ساتھ دیں امن سے ترقی وابستہ ہے بلوچستان عوامی پارٹی صوبے کی ترقی و خوشحالی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے اپنے منشور و پروگرام کے مطابق ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے اور آئندہ بھی اٹھاتی رہے گی، صوبے کے عوام کو بی اے پی سے بہت سی امیدیں وابستہ ہیں بی اے پی اور اسکی قیادت صوبے کے عوام کو مایوس نہیں کریگی۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں اپنی رہائش گاہ پر رخشان ڈویژن اور خاران بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول دار الفلاح کے مختلف کلاسز کا معائنہ کر رہے ہیں

حکومت ہرنائی بچاؤ تحریک کے آئینی اور جائز مطالبات کو پورا کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں

47 مطالبات ہرنائی کے عوام کی بقا کا مسئلہ ہے، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین، مولانا عبدالرؤف

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا محمد حیات ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی سرپرست مولانا نعمت اللہ شیرانی مولانا محمد امین مولوی عبدالرشید ہرنائی بچاؤ تحریک کیمپ میں ہرنائی بچاؤ تحریک سید نور محمد شاہ، عابد شاہ و دیگر شرکاء سے ہرنائی بچاؤ تحریک کی جائز بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

کاؤنٹی کرکٹ کلب قلات کا جنرل باڈی کے اجلاس 4 اکتوبر 2021 کو قادری ہوٹل شام 5 بجے طلب

منگچر (نامہ نگار) کاؤنٹی کرکٹ کلب قلات کا جنرل باڈی کے اجلاس 4 اکتوبر 2021 کو قادری ہوٹل شام 5 بجے طلب کیا گیا ہے جس میں پاکستان کرکٹ بورڈ کے نئے آئین کے مطابق صدر کے الیکشن اور نئے پرعمل عملدرآمد کرنا ہے جس میں تمام ووٹنگ ممبران اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

آر ایچ سی سینٹر توکنڈی تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم ہے

گزشتہ ایک عرصے کوئی میڈیکل آفیسر اور میل ڈاکٹر کی تعیناتی نہیں ہوئے ہیں

توکنڈی (آن لائن) آر ایچ سی سینٹر توکنڈی تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم ہے گزشتہ ایک عرصے کوئی میڈیکل آفیسر اور میل ڈاکٹر کی تعیناتی نہیں ہوئے ہیں ایک سال کے عرصے سے کوئی فیملی ڈاکٹرز کی تعیناتی عمل میں نہیں آئی ہے اور گزشتہ تین مہینے سے توکنڈی آر ایچ سی ہسپتال کو تا حال دوائیاں نہیں دی گئی ہے جو پہلے سرکاری سطح پر ڈیڑھ لاکھ روپے کی دوائیاں دی جاری تھی جو کہ موجودہ آبادی کے تناسب سے آٹے میں نمک کے برابر تھے جبکہ توکنڈی آر ایچ سی ہسپتال واحد رورل ہیلتھ سینٹر ہے

پریس انکلیو سرینگر میں برطرف کنٹریکٹ ملازمین کا احتجاجی مظاہرہ

جب حکومت کو ہماری ضرورت تھی تو ہمارے ساتھ اچھا سلوک کیا

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں نیشنل ہیلتھ مشن (این ایچ ایم) کے کنٹریکٹ ملازمین نے اپنی برطرفی کے خلاف سرینگر کے پریس انکلیو میں احتجاجی مظاہرہ کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق برطرف ملازمین اپنی ملازمت کی مستقلی کا مطالبہ کرتے ہوئے انصاف کی فراہمی کے حق میں اور "استعمال کرو اور پھینک دو" کی قابض حکام کی پالیسی کے خلاف نعرے بلند کر رہے تھے۔ این ایچ ایم کے برطرف ملازمین کا کہنا تھا کہ جب دنیا کورونا وائرس کی زد میں تھی تو انہوں نے اپنی زندگی کو خطرے میں ڈال دیا اور ہمارے اس جذبے کا احترام کرنے کے بجائے ہمیں بغیر کسی وجہ یا کسی پیشگی اطلاع کے برطرف کیا جا رہا ہے۔

مسئلہ کشمیر اپنے حل کی جانب بڑھ رہا ہے، چوہدری اکبر ابراہیم

بیس کیمپ کی حکومت مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کے خلاف بھرپور آواز بلند کرتی رہے گی

مظفر آباد (این این آئی) وزیر اعظم آزاد کشمیر کے مشیر برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ و سول ڈیفنس چوہدری اکبر ابراہیم نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر اپنے حل کی جانب بڑھ رہا ہے، کشمیری عوام کی آزادی کا سورج طلوع ہو چکا ہے، عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کا فوری نوٹس لے، بیس کیمپ کی حکومت مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کے خلاف بھرپور آواز بلند کرتی رہے گی، آزاد کشمیر میں ریکارڈ ترقیاتی کام کرانے کیلئے اقدامات شروع کر دیئے ہیں جن کے ثمرات آنے والے دنوں میں عوام تک پہنچنا شروع ہو جائیں گے، آزاد حکومت میرٹ کی بحالی اور انصاف کی بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

کراچی: بلدیہ شرقی کی جانب سے مرحوم لیجنڈ اداکار عمر شریف کی رہائش گاہ کے اطراف نماز جنازہ سے قبل ہی بلدیاتی سہولیات فراہم کر دی گئیں

کرپشن کے الزامات لگانے والے اپنے گریبان میں جھانکیں، نور محمد دمڑ

ہمارے منظور کردہ ترقیاتی منصوبے فائلوں میں نہیں بلکہ زمین پر نظر آ رہے ہیں

ہرنائی سبی ریلوے ٹریک پر ٹرینوں کی آمدورفت جلد بحال ہو جائے گا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (پ ر) بی اے پی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع کی ترقی عوام کی اجتماعی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے اپنے تین سالہ دور حکومت میں ضلع ہرنائی کے اہم بنیادی مسائل کے حل کیلئے جدوجہد اور کوششیں بار بار اسلام آباد جا کر ضلع ہرنائی کے بنیادی مسائل کے حل کے حوالے سے وفاقی وزراء سے ملاقاتیں کر چکا ہے ضلع ہرنائی کے عوام سے انتخاب سے قبل جو وعدے کئے تھے ان میں سر فہرست ہرنائی گرڈ اسٹیشن کی اپ گریڈیشن تھی، ہرنائی کوئٹہ، ہرنائی سنجاوی قومی شاہراہوں کی تعمیر اور نیشنل ہائی وے کے حوالے کرنا، ہرنائی سبی ریلوے ٹرین کی دوبارہ بحالی اور دیگر مطالبات شامل تھے ہرنائی کوئٹہ، ہرنائی سنجاوی قومی شاہراہوں کو نیشنل ہائی وے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

مقبوضہ جموں و کشمیر، پلوامہ میں بھارتی فوجی کی خودکشی

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوج کے ایک اہلکار نے ضلع پلوامہ میں اپنی سروس رائفل سے خود کو گولی مار کر خودکشی بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

بھارت مقبوضہ کشمیر میں آبادی کا تناسب تبدیل کر رہا ہے، ایمپلائز موومنٹ

بھارت کا یہ اقدام اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کی خلاف ورزی ہے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں ایمپلائز موومنٹ نے بھارتی فوجیوں کی طرف سے جاری قتل و غارت کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت علاقے میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق جموں و کشمیر ایمپلائز موومنٹ کے جنرل سیکریٹری جنید الاسلام نے سرینگر سے جاری ایک بیان میں کہا کہ بھارت کا یہ اقدام اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر میں مسلم اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کرنے کی سازش کر رہا ہے۔

حکومت کا تعمیری نہیں تباہی اور بربادی ایجنڈا ہے، عظمیٰ بخاری

حکومت کے پاس اب ہمدردی اور عوام کو ورغلانے کیلئے کوئی ایشو نہیں رہا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ عثمان بزدار، پنجاب کی تاریخ کا پہلا وزیر اعلیٰ ہے جس نے 54 ترجمان رکھے، لیکن سب کے سب ترجمان نالائق اور انڈر ٹریننگ وزیر اعلیٰ کو کا دفاع کرنے میں ناکام رہے ہیں، عثمان بزدار اگر ڈیلیور کرتے تو بیچارے ترجمان بھی قوم اور میڈیا کو کچھ بتانے کے قابل ہوں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عثمان بزدار نے تین سال صرف اپنے رشتے داروں اور فرنٹ مینوں کو نوازنے میں ہی گزارے ہیں۔ فیاض چوہان تین بار نوکری جانے کے بعد شاید ہی ریگولر ہو جائیں۔ لیکن پنجاب کابینہ میں آج بھی کچھ لوگ فیاض چوہان کو بطور ترجمان دیکھنا نہیں چاہتے۔